حکمت کی نایاب کتاب

مجربات

حکیم غلام قادر

مکتبہ دانیال
غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور

ھوالشافی!

حکمت کی نایاب کتاب ایسی کتاب
آج تک کوئی پیش نہیں کر سکا

اصلی نسخہ مسمّٰے بہ

مجربات تحفہ لقمان

مصنفہ

حکیم غلام قادر صاحب

باہتمام

مکتبہ دانیال، لاہور

سیل پوائنٹ

شیخ محمد بشیر اینڈ سنز

اردو بازار، لاہور- فون: 7660736

Oureshi

فہرست مضامین

Oureshi

تحفہ لقمان

از

حکیم جناب غلام قادر صاحب ساکن اکبری منڈی

اس کتاب میں فعل جماع کے متعلق تمام ضروری مفید

ہدایات:

اعضائے تناسل کی تشریح مردانہ وزنانہ پوشیدہ بیماریوں کی تعریف اوران کے واسطے اصلی نایاب مجرب تیر بہدف نسخہ جات کے علاوہ کارآمد مجربات نیز بدن انسانی کی موٹی موٹی تمام بیماریوں کے واسطے مجرب نسخہ جات یونانی ڈاکٹری اور ہر قسم کشتہ سازی کی آسان ترکیب درج کردی گئی ہیں۔

حمد سب ہے اس حکیم ذوالمنن کے واسطے
نام جس کا ہے شفا مرض کہن کے واسطے

التماس

ناظرین:

آپ سے مخفی نہیں کہ آج کل اعضائے تناسل کی بیماریوں کی کس قدر ترقی ہو رہی ہے۔ مریض حیران پھر رہے ہیں اشتہاری لن ترانیوں کا کچھ حساب ہی نہ رہا۔ دن بدن اشتہاری نقلی دوا فروش برساتی کیڑے مکوڑوں کی طرح پیدا ہو رہے ہیں۔

مریض اشتہاری ادویات کھا کھا کر تھک گئے فائدہ کی جگہ مرض کو بگاڑ لیا اے ظالم کاذب اشتہار یو ڈوبتے کو ڈبونا کیا یہی انسانی ہمدردی ہے خدائے عادل کی پیشی میں ایک دن حاضر ہونا ہے کیا جواب دو گے یہ کتاب صرف اس لئے لکھی گئی ہے کہ عوام حرف شناس اردو خواں اور دوسروں کا علاج پوشیدہ طور پر کر کے کامیاب ہو جائیں۔ آخر میں جسم انسانی کی موٹی موٹی تمام بیماریوں کے لئے مجرب نسخہ جات قلم بند کر دیئے ہیں جو احباب اس سے فائدہ اٹھائیں وہ اس مخلص خادم کو ضرور دعائے خیر سے یاد فرمائیں۔

خوب یاد رکھیں

اس کتاب کا ہر ایک نسخہ کئی بار کا آزمودہ ہے۔ جو انشاء اللہ کبھی خطا نہ کرے گا۔ یقین اور استقلال شرط ہے۔ یہ کتاب سالوں کی محنت کا سرمایہ برسوں کی خدمت کا صلہ سینہ کے پیارے پیارے مجربات کا خزینہ ہے تمام نسخہ جات بلا بخل درج کر دیئے ہیں حکیموں ڈاکٹروں سیناسیوں کی خوشامد اور فیس سے بچو اپنا علاج آپ کرو دوائیں چند پیسوں کی لاگت سے بنا کر غریبوں کو راہ مولا میں دو خدا سے اجر عظیم پاؤ گے۔

تحفہ لقمان

حصہ اوّل مردانہ بیماریاں

قوت باہ

قوت باہ وہ طاقت ہے کہ جس سے انسان مادہ تولید کو اس مقام تک پہنچا سکتا ہے کہ جہاں قدرتی عمل سے وہ مادہ ایک نئے وجود کی صورت پیدا کر لیتا ہے قدرت نے اس وقت کا آدم کے بت میں خمیر کیا جو اس کی اولاد میں وراثتاً چلا آ رہا ہے اس طاقت کے دو بڑے فائدے ہیں ایک۔ بڑا فائدہ تو یہ ہے کہ اسی طاقت کے ذریعہ افزائش نسل ہوتی ہے دوسرا فائدہ یہ ہے کہ فاعل اور مفعول دونوں کو غایت درجہ کی روحانی لذت پیدا ہوتی ہے اگر یہ فعل اعتدال سے تجاوز نہ کرے تو اس لذت سے بے شمار جسمانی بیماریوں سے شفا حاصل ہوتی ہے۔ دونوں کا بدن ہلکا پھلکا ہو جاتا ہے۔ یہی طاقت خدائے پاک جل شانہ کی وہ نعمت ہے کہ جس کے باعث میاں بیوی میں رابطہ محبت قائم ہے اور یہی محبت ہے جو خانہ آبادی کا موجب ہے۔ یہی طاقت ہے جو عورت مرد کی ایک مخلص مشیر گھر کی سلطنت کی وزیر اور سچی فرمانبردار بنا دیتی ہے۔ ایک طرف میاں فدا ہے تو دوسری طرف بیوی جان نثار ایک طرف مراد کو خدا نے جرأت اور حوصلہ عطا فرمایا اور دوسری جانب عورت کو فرمانبرداری یہ سب کچھ اسی قوت باہ کی کرامتیں ہیں۔ برخلاف اس کے جو مرد جماع کرنے کی پوری طاقت نہیں رکھتا۔ اس سے عورت کبھی خوش نہیں ہوتی۔ بلکہ دل سے وہ ایسے نالائق مرد کا چہرہ بھی دیکھنا نہیں چاہتی اس کی وجہ سے کہ آپس کی بدسلوکی اور خانہ بربادی ہے۔ جب مرد کی ایسی

حالت ہوتو اس عورت کے خیالات ڈگمگا ئیں اور وہ کیوں نہ غیر جانب رغبت کرے۔

ماشاء اللہ جوانی ہے تندرستی ہے حسن ہے اور چاہنے والے بھی پس اسی واسطے فرض ہے کہ ہر ایک انسان اس طاقت کو مدت العمر تک قائم رکھنے کے لئے کوشش کرے اور دن رات کی کثرت جماع سے باز آ جائے مرد اور عورتیں حرام کرنا ترک کر دیں زناء کا بڑا وبال ہوتا ہے۔ اسلام میں زانی مرد یا زانیہ عورت کو سنگسار کرنے کا حکم ہے زیادتی جماع سے تو آخر میں فالج، لقوہ، سل ودق ہو جانے کا اندیشہ رہتا ہے انسان کہلائے تو اشرف المخلوقات اور اعمال کرے حیوانات سے بدتر۔

دیکھو حیوانات، گائے بھینس وغیرہ صرف ایک ہی مرتبہ جماع کرتے ہیں تو نطفہ قرار پا جاتا ہے۔ اس کا باعث یہ ہے کہ حیوانات میں مادہ اس دن نر کی طرف رغبت کرتی ہے۔ کہ جب وہ خاص مادہ اترنے کو ہوتا ہے کہ جس سے بچہ پیدا ہوتا ہے انسان میں بھی عورت کو حیض سے فارغ ہونے کے بعد جب وہی مادہ جوش کرتا ہے تو اس دن عورت کو مرد کی بڑی خواہش ہوتی ہے۔ اگر جماع کیا جائے تو ضرور اولاد کا باعث ہوگا یاد رہے خون حیض یا منقلی کورس کے غسل کے بارہ دن بعد تک وہ مادہ ضرور اتر آتا ہے۔ انہی دنوں میں اگر نطفہ عورت کو ٹھہر جائے تو ٹھہر جائے مہینہ بھر کے باقی اٹھارہ دنوں میں خواہ لاکھ ٹکریں ماری جائیں، سب عبث اور رائیگاں یہ ایک مفید اور نتیجہ خیز سبق حیوانات سے ہی سیکھو اس کا عوض نیک پاؤ گے اور ذیل کی چند ہدایات کو نہایت غور سے کئی مرتبہ پڑھو فائدہ اٹھاؤ گے۔

(۱) کثرت جماع سے باز آ جاؤ اور حرص پرستی ترک کرو۔

(۲) زنا و حرام کاری کے نزدیک بھی نہ جاؤ۔

(۳) چکلے برباد کر دو اپنی بیویوں کو ہار سنگار کراؤ۔

(۴) غیر عورتوں کی طرف نظر اٹھا کر بھی نہ دیکھو یہ بے حیائی ہے۔

(۵) اپنی اولاد کی حفاظت کرو کہ وہ اعضائے تناسل کو بیمار نہ کر لیں۔

(۶) مشت زنی کرنے والے پر خدا کی لعنت نازل ہوتی ہے اور قیامت کے دن اس کے ہاتھ کو حمل ہوگا۔ (قول امام غزالی)

(۷) بیوہ عورت کا نکاح دوبارہ کردو اس کو خدا کا حکم جانو بیجا عار نہ کرو۔

(۸) جماع رات کے آخری حصہ میں کیا کرو مرد عورت دونوں بالکل ننگے نہ ہوں۔ بلکہ اوپر چادر اوڑھی ہوئی ہو۔ اگر ننگے ہوں گے تو اولاد بے حیا پیدا ہوگی اگر وقت جماع فضول باتیں کی جائیں تو خوف گونگا ہونے کا ہے۔

(۹) جماع کے بعد ٹھنڈا پانی نہ پیو۔ ٹھنڈی ہوا میں نہ نکلو۔ ٹھنڈے پانی سے اعضاء کو نہ دھوؤ (ورنہ کئی قسم کی بیماریاں پیدا ہو جائیں گی۔) بعد فراغت دودھ نوش کرنا بہتر ہے اور وہ دودھ جس میں مقدار قلیل دارچینی یا مصطگی رومی یا سونٹھ جوش دی گئی ہو زیادہ بہتر ہے۔ طاقت کو بحال کر دیتا ہے۔

(۱۰) جب صبح ہو تو فوراً بدن کو پاک کرو غسل کرو منہ ناک میں تین تین مرتبہ پانی ڈال کر سارے بدن پر پانی بہاؤ کوئی بال خشک نہ رہے جماع کے بعد غسل کی ایسی تاکید ہے کہ حضور فرماتے ہیں کہ جب تک جنبی غسل نہیں کرتا خدا کا عرش کانپتا رہتا ہے۔
جنبی شخص قرآن یا حدیث پاک نہ چھوئے مسجد میں بغیر نہائے قدم نہ رکھے کھانا نہ کھائے کلام پاک نہ پڑھے۔ اولیاء اللہ کے مزارات پر نہ جائے۔ دیکھو حدیث شریف کا حکم ہے کہ اس غسل سے جو حرام (یعنی زنا کے بعد کیا جائے) جتنے قطرے پانی کے بدن سے گرتے ہیں اتنے ہی شیاطین قدرت خدا سے پیدا ہوتے ہیں اور پاک جماع کے غسل کے قطروں کی تعداد کے برابر رحمت کے فرشتے پاک جماع کرنا ثواب ہے اور عبادت اور پلید جماع کا پاپ ہے اور موجب عذاب ہے۔
پاک جماع کی نسبت زنا کرنے سے کئی گناہ زیادہ کمزوری پیدا ہوتی ہے۔ زانیوں کے واسطے احادیث پاک میں کئی قسم کے عذاب مذکور ہیں جن کو سن کر بدن کے رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں اہل اسلام کا عقیدہ ہے کہ یہ سب عذاب برحق ہیں۔ خدا کی پناہ! وہ ہم کو معاف کرے۔

(۱۱) حیض اور نفاس (بچہ پیدا ہونے کے بعد چالیس دن تک کا خون) کے دنوں میں عورت جماع کے لائق نہیں ہوتی۔ اس حالت میں جماع کرنا قانون قدرت کے

سراسر برعکس ہے اور نفرت انگیز فعل اور عورت کے لئے مضر اور زہر حیض سے مرض کو سوزاک پائیدار ہونے کا احتمال ہے اور اگر خون حیض کا زہر دماغ کی طرف چڑھ جائے تو خفقان اور مالیخولیا کا ڈر ہے۔ البتہ ناف کے اوپر کے حصہ تک بوسہ لینا جائز ہے۔ عورت کو اسلام پاک کا حکم ہے کہ خواہ ایسا حریص مرد جنگ وجدل کرے عورت ہرگز صحبت نہ کرے حتیٰ کہ مرد مر جائے تو اس کی موت حرام ہوگی اور اگر عورت مر جائے تو درجہ شہادت حیات ابدی پائے گے۔

(۱۲) قدرتی امساک سب سے اچھا امساک ہے۔ زیادہ دیر لگنے کی خاطر نشہ دار اشیاء نہ کھاؤ ان سے منی کے کرم مر جاتے ہیں۔ یا کمزور کر کے ناقابل اولاد بنا دیتی ہیں علاوہ اس کے بدن کی طاقت زیادہ صرف ہوتی ہے۔ عورت بھی دیر پسند ہو جاتی ہے اور مرد کے ایک مرتبہ میں وہ دو دفعہ منزل ہوتی ہے اور اس کو کمزوری پیدا کرتا ہے۔ آخیر میں مرد و عورت دونوں کو سزا ملتی ہے۔ اس واسطے میں نے اس [illegible] میں امساک کی کسی دوا کا نام ظاہر کرنا بھی پسند نہیں کیا۔

(۱۳) موجودہ کوک کی باتصویر کتابیں سب جلا دو۔ آسن بازی مضر صحت ہے۔ صر[illegible] یہی آسن سب سے اعلیٰ ہے کہ عورت سیدھی لیٹ جائے اور مرد اپنے پاؤں کے سہارے بالمقابل بیٹھا رہے دخول تند اور تیزی سے کرے اور خروج آہستگی اور نرمی سے عورت غسل حیض سے فارغ ہو چکی ہو۔ بارہ دن سے زیادہ عرصہ نہ گزرا ہو تب وہ دونوں ایک ہی وقت میں منزل ہو جائیں ضرور ہے کہ مرد کی منی کے کرم عورت کی منی کے باریک کیسوں میں اپنے سر داخل کر کے ان دونوں پانیوں کو باہم منعقد کر دیں گے یہی نطفہ کہلاتا ہے۔ اب قدرتی عمل سے اسی نطفہ سے خون بن کر بعد میں رفتہ رفتہ تمام اعضاء بنتے ہیں۔ خدا سے جان پڑتی ہے اور خون حیض سے جنین کی پرورش ہوتی ہے۔ خوب یاد رہے کہ جب تک مرد و عورت دونوں اکٹھے ایک ہی وقت میں منزل نہ ہوئیں ہرگز نطفہ نہیں ٹھہر سکتا نطفہ ٹھہرنے کے بعد عورت کے بچہ دانی کا منہ بند ہو جاتا ہے۔ اور عورت کو خون حیض بھی آنا بند ہو جاتا ہے اور جوں

جوں جنین بڑھتا جاتا ہے بچہ دانی بھی ساتھ ہی بڑی ہوتی جاتی ہے۔
خون حیض کا بند ہونا ہی حمل ہونے کی سب سے معتبر شہادت ہے۔

(۱۴) حاملہ عورت سے جماع اگر بالکل نہ کریں تو بہتر ہے کیونکہ اکثر صورتوں میں حمل گر جانے کا اندیشہ ہوتا ہے بعض عورت کو اسی باعث خون بدوران حمل شروع ہو جاتا ہے۔ عورت زندہ درگور ہو جاتی ہے۔ خاص کر چوتھے اور ساتویں اور نویں ماہ تو جماع قطعی بند رکھیں۔

(۱۵) حاملہ کو ہر روز ہوا خوری کرائیں چلنے پھرنے سے منع نہ کریں اس کو خوفناک خبر نہ سنائیں۔ اور غم اور غصہ و رنج سے دور رہے ماتم خوانوں میں نہ جائے۔ بیمار پرسی بھی کم کرے۔ جلاب کی دوا نہ کھائے۔ حاملہ کا خون بذریعہ فصد کسی طریقہ سے نہ نکلنے پائے حمام میں غسل نہ کرے رونے پیٹنے سے باز رہے سر یا بدن پر بہت تیل یا مکھن نہ لگائے خوشبو سونگھا کرے نطفہ ٹھہرنے سے چالیس دن تک کسی بدشکل کے سامنے نہ آئے۔ بودار تند اشیاء سے دور رہے لباس صاف رکھے غذا زود ہضم کھایا کرے۔ ان پر عمل کرنے سے عورت کا حمل محفوظ رہے گا اور بچہ خوبصورت خوش طبعی پیدا ہوگا۔

(۱۶) بھوک کے وقت بدہضمی قے' جلاب' فصد' سینگی لگوانے کے بعد بیماری سے شفا حاصل کرنے کے بعد کی بدنی کمزوری کی موجودگی میں غم' فکر رنج و ملال بے خوابی' ریاضیت' مستی و خماری' ترش دوائی یا چینی وغیرہ کھانے کے بعد بخار کی حالت یا کھانا ہضم ہونے سے پہلے جماع کرنا بہت نقصان دیتا ہے۔

(۱۷) بڑھیا عورت یا نابالغہ حیض والی عورت بدشکل عورت بیمار عورت اور بازاری مطلب پرست فریبی عورت نہ کرو چکلوں میں تو سوزاک اور آتشک قیمتاً بکتا ہے کیسے ظالم ہیں یہ لوگ کہ پیسے بھی لیں اور ساتھ ہی عمر بھر کے لئے ایک تمغہ یا سرٹیفکیٹ بھی لے آئیں۔ یہ عجیب قسم کے خریدار ہیں اور نرالے دوکاندار کو چاہئے کہ گورنمنٹ عالیہ کو درخواست کرے کہ کم از کم ان مجسم لعنت کی پتلیوں کو شہر کی گذرگاہوں سے

دور نکال دیا جائے۔

(۱۸) اپنی عورتوں کو خوبصورت لباس پہناؤ اور پردہ کراؤ پردہ نہ کرنے کا یہی نتیجہ ہے کہ زنا کا موقعہ مل جاتا ہے۔ قبروں پر، مسجد اور مندروں میں، دریاؤں، نہروں پر مستورات کو نہ جانے دیں۔ جب عورت زرق برق کے فیشن ایبل لباس میں آراستہ ہو کر بے پردہ بازاروں میں پھرتی ہیں تو اکثر کمزور دل حریض کے ٹٹو لباس اور سفید چمڑے کے شیدائی مقناطیسی کشش سے کیوں نہ لٹو ہو جائیں۔ تعاقب کیا گھر دیکھ وسیلہ ملا پیغام ملنے لگے موقعہ بنا اور دونوں نے منہ کالا کر لیا۔

کلام جلوہ

جواں عورت کھلے منہ جب سر بازار چلتی ہے
رگ صبر و شکیبائی پہ ایک تلوار چلتی ہے
نکلنا عورتوں کا آب و تاب و زیب و زینت سے
رواں ہر کوچہ و بازار میں ہونا نزاکت سے
تکلم بھی ادا کرنا تو انداز شامت سے
یہ سامان دل آویزی نہیں کچھ کم قیامت سے
پھسل جاتا ہے دل آخر کوئی کیسا ہی انسان ہو
یہ وہ چاہ ہے جہاں ہاروت بھی محبوس زنداں ہے

(۱۹) جب لڑکی بارہ برس کی ہو جائے اور لڑکا ۱۴ سال کا تو بس جلدی شادی کر دو سامان شادی فراہم کے واسطے دیر مت کرو پیغمبری غریبانہ طریقہ پر نکاح کر دو۔
اس عمر کے بعد تک جو ناجائز افعال اس سے سرزد ہوں گے ان کا مواخذہ ماں باپ کی گردن پر ہوا۔

(۲۰) لونڈے بازی کرنے سے مرد عورت کے مطلب کا نہیں رہ سکتا خواہ لاکھ علاج کئے جائیں۔ حضرت لوط علیہ السلام کی قوم نے لونڈے بازی کا جرم کیا خدا کے قہر سے

ان پر بجلی کا عذاب نازل ہوا لونڈے باز دنیا میں ہی سزا پاتا ہے رسوا اور ذلیل ہو
جاتا ہے قانوناً بھی تعزیزات ہند کے شکنجہ میں سات برس قبلہ سخت کی سزا پاتا ہے
اور مفعول زنانہ طبیعت اور نامرد ہو جاتا ہے۔

(۲۱) خیالات کو پاک رکھو جماع کی ہر وقت حرص نہ کرو بدن مضبوط اور چہرہ چمکدار نورانی
ہو جائے گا۔

(۱) آلہ تناسل

قضیب یا آلت یا پینس ایک عضو ہے جس کے ذریعہ انسان پیشاب کے ہمراہ اپنے
جسم کی زہر کو خارج کرتا ہے اور منی کو عورت کے بچہ دانی تک پہنچاتا ہے۔ اس کی لمبائی چھ
انگل سے بارہ انگل تک ہوتی ہے۔ یہ کئی ایک اجزا سے مثلاً شریانوں پٹھوں پردوں جھلیوں'
سفنجی جسم پیشاب کی نالی منی کی نالی سے بنا ہوا ہے۔ سوائے حشفہ (اگلے حصہ کے) قضیب
کا باقی حصہ اسفنجی جسم کا ہوتا ہے جو بڑی آسانی سے سکڑ جاتا ہے اور اس کے اوپر سے جلد
اتار دی جائے تو اس کے دو حصے اوپر کی طرف پہلو بہ پہلو اور تیسرا حصہ نیچے کی طرف دکھائی
دے گا۔ پیچھے سے ایک نالی پیشاب کی آتی ہے اور دوسری منہ کی جو آگے آ کر باہم مل جاتی
ہیں آگے آ کر ایک ہی راستہ سوراخ قضیب سے خارج ہوتی ہیں اور منی کی دونوں نالیاں
خزانہ منی سے نکلتی ہیں۔ جن کو منی کی تھیلیاں بھی کہتے ہیں۔ ان میں منی ہر وقت تیار رہتی
ہے۔

(۲) حشفہ یا سپارہ

یہ قضیب کے اگلے حصے کا نام ہے۔ یہ بڑا ذی حس ہوتا ہے اس کے مسامات نہایت
تنگ ہوتے ہیں یہ جو فدار نہیں اگر ایسا ہوتا تو فوراً خیزش زائل ہو جایا کرتی ہے یہ اس طرح
بنایا گیا ہے کہ عورت کو بھی تکلیف نہ ہو اور عورت کے جسم میں اس کو رگڑ وغیرہ سے محفوظ رکھنے
کے لئے ایک خاص قسم کی رطوبت پیدا کر دی ہے۔

(۳) خصیئے

یہ غدودی جسم کے بنے ہوئے ہیں اوران میں خون آ کر منی بن جاتا ہے۔ گویا منی بنانے کی مشین یہی ہے بعض حکیموں کا خیال ہے کہ منی سر میں پیدا ہوتی ہے یہ بالکل غلط ہے۔ البتہ خصیوں کا عصبی مرکز سر ہی میں ہے۔ شاید یہی وجہ مغالطہ کی ہو۔

(۴) خزانہ منی (منی کی تھیلیاں)

یہ مثانے کے نچلے حصہ کے قریب واقع ہیں خصیئے منی کا ذخیرہ ان دو تھیلیوں میں جمع رکھتے ہیں۔ صحبت کے وقت ایک نالی کے ذریعہ غدہ قدامیہ سے گزر کر احلیل میں جلی جاتی ہے اور وہاں سے سوراخ قضیب کے ذریعہ کود کر باہر خارج ہو جاتی ہے۔

(۵) غدہ قدامیہ

یہ ایک ایسی غدودی گلٹی پیشاب کی نالی اور مثانہ کے اگلے سرے پر واقعہ ہے۔ جماع کے وقت اس سے ایک قسم کی رطوبت خارج ہوتی ہے جس سے منی کا راستہ نرم ہو جاتا ہے۔

منی

جب خون خصیوں میں آ کر جمع ہوتا ہے تو خصیئے اس خون کو پکا کر یک خاص قسم کی سفید غلیظ رطوبت میں تبدیل کر دیتے ہیں جو منی کہلاتی ہے تندرست کی منی میں چھوٹے چھوٹے کرم ہوتے ہیں خوردبین سے بخوبی دیکھے جا سکتے ہیں۔ فلاسفروں اور طبی عالموں کا قول ہے کہ ستر قطرہ خون سے ایک قطرہ منی کا پیدا ہوتا ہے۔ یہ خالص خون کا جوہر ہے جس کے ایک قطرے سے صدف مادر میں در بے بہا یعنی حضرت انسان پیدا ہوتا ہے۔ یہی آب حیات ہے اس کی قدر کرو یہی انسانی کھیت کا تخم ہے بے جا صرف نہ کرو۔

مذی

یہ بھی منی کی قسم سے سفید رنگ کی پانی جیسی رقیق رطوبت ہے جو منی کے راستہ کو تر کر دیتی ہے۔تا کہ منی نالی کو دور کر کے نہ نکلے جن کی غدودی گلٹی یا اترالی نالی یا مثانہ وغیرہ کمزور ہو جاتے ہیں۔تو پچھلی رات کو جب مثانہ پیشاب سے پر ہو جاتا ہے اور چھوٹی خیزش پیدا ہو جاتی ہے۔تو پیشاب کے دباؤ سے یہ رطوبت بہہ کر قضیب کے منہ کے آگے جم جاتی ہے۔

ایک نہایت ضروری اپیل

حضرات! آج وہ زمانہ آگیا ہے کہ شباب آتے ہی نوجوانوں میں قوت باہ کی کمزوری کی شکایت ہونے لگی گئی ہیں نامردی سستی سرعت انزال جریان منی وغیرہ امراض آج کل نوجوانوں میں عام ہوگئی ہیں۔اس کا سب سے بڑا باعث جلق یا مشت زنی کرنا ہے چڑھتی جوانی میں بھولے بھالے نوجوان اس بدعادت کے شکار بن جاتے ہیں۔دن میں کئی مرتبہ یہ فعل کرتے ہیں اور خیالی عیش اڑاتے ہیں۔رفتہ رفتہ سرعت انزال کی بیماری ہوگئی پھر چند دنوں بعد احتلام ورات کو نیند میں ناپاک ہو جانا نے آن گھیرا کچھ عرصہ اور گزرا تو منی پتلی ہو کر پیشاب کے ہمراہ گرنے لگ گئی آلہ تناسل میں ہاتھ کی رگڑ سے کجی لاغری کمزوری پیدا ہوگئی گویا آلہ تناسل کو فالج کا مرض ہوگیا۔ایک جرم تو یہ کیا دوسرے علاج سے بھی پرے درجہ غفلت اور لاپرواہی رفتہ رفتہ دماغ کمزور دل میں دھڑکن جگر کا ضعف کمر کا درد ہاضمہ خراب وغیرہ کئی اقسام کی بیماریاں دامن گیر ہو جاتی ہیں۔ القصہ جلق کرنے والے کے ایک ایک عضو پر اس کا نہایت برا اثر پڑتا ہے۔کئی مجلوق پاگل ہو گئے کئی ایک نے خودکشی کرلی کئی ایک دریا میں کود کر یا ریل کے نیچے آ کر مر گئے مجلوق کی جب شادی ہوئی تو شب اول کو جب اپنی بیوی کے پاس گیا۔ناکامیابی ہوئی البتہ شرمندہ ہوا کہ زمین جگہ دے تو اس میں غرق ہو جائے اور ہر عورت کے دل میں بھلا کیا کیا خیال نہ آتے ہوں گے برسوں کا ارمان دل ہی میں رہ گیا خدا کی قسم مجھ کو ایک ایسے نوجوان کی سچی سرگذشت یاد ہے جو شب اول کی ناکامیابی سے مایوس خوفزدہ اور آبدیدہ ہو کر احقر کے غریب خانہ پر علی الصبح

Qureshi

آیا اور کہا کہ خدا کے واسطے میرا علاج ایک ہی دن میں کرو۔ ورنہ میں دریا میں کود کر مر جاؤں گا۔ پوچھنے سے معلوم ہوا کہ مشت زنی کا شکار رہا جس نے ایسی منحوس شب کا منہ دکھایا۔ ایسی حالت کا فوٹو وہی شخص بخوبی لے سکتا ہے جس کے ساتھ ایسی واردات گزری ہو خیر اس کا علاج کیا چند دنوں میں خدائے پاک نے اس کو شفا بخشی اب وہ صاحب اولاد ہے یہ جلق کے ہاتھ کا کرتب ہے میرا مطلب اس سب سر دردی سے یہ ہے کہ حضرت غفلت کی نیند سے جاگو اور بیجا شرم کو بالائے طاق رکھ کر اپنی اولاد کی حفاظت کرو جب لڑکا بارہ برس کا ہو جائے تو اس کو سمجھا دو کہ بیٹا اپنے ہاتھ سے عورت کی شرمگاہ نہ بنانا اعضائے تناسل کو اگر خلاف قانون قدرت استعمال کرو گے تو دنیا کی کوئی ایسی مصیبت نہیں جس میں تم گرفتار نہ ہو جاؤ گے۔ غرض کہ لڑکوں کی حفاظت باپ کرلے اور لڑکی کی حفاظت ماں کرے کیونکہ نوجوان لڑکیوں میں بھی جلق کے کئی طریقے رائج ہیں۔

جب تک ان کی شادی نہ ہو جائے ماں باپ حفاظت کرتے ہیں اور سمجھاتے رہیں۔ ایسا کرنے سے جلق کا فعل دن بدن کم ہو کر آخر کو نیست و نابود ہو جائے گا یہی ہے میری اپیل ہے کہ خدا کے واسطے اس پر عمل کرو ان کو خود بخود تمیز ہر گز نہ آئے گی۔

کیونکہ شروع شروع میں اس برے فعل سے نقصان معلوم نہیں ہوتا۔ بلکہ غایت درجہ کی لذت پیدا ہوتی ہے۔ وہ بھلا کیونکر لذت سے ہاتھ دھو بیٹھیں صرف وہی بچ سکتا ہے جو ایک دفعہ بھی اسی میٹھی چھری کے نیچے سے نہ گزرا ہو۔ ان کو کہہ دو کہ بچاروں پر ہی مصیبت نازل ہوتی ہے۔ اگر جلق کے باعث مادہ تولید خراب ہو گیا ہو تو اولاد سے محروم ہو گئے۔ کئی قسم کی بیماریاں لگ جائیں گی، دنیا میں خوار رہو گے۔ مخلوقوں کی مصیبتوں کے حالات سناتے رہیں۔ عشقیہ ناول نہ پڑھنے دو۔ صحبت بد سے ان کو بچاؤ۔

صحبت صالح ترا صالح کند

صحبت طالع ترا طالع کند

بری صحبت کا اثر فوراً ہو جاتا ہے پھر دیکھو تو نامردی اس ملک سے دم دبا کر بھاگتی ہے کہ نہیں میرا فرض تھا کہ میں ملک میں اپنی درد بھری آواز کو بلند کروں عمل کرنا یا نہ کرنا

آپ کے اختیار میں ہے۔

نامردی

نامردی کی تعریف جب مرد اچھی طرح جماع نہ کر سکے اور عورت کو خوش نہ کر سکے آلہ تناسل میں تندی تیزی چستی اور سختی نہ رہے ایستادگی دیر نہ ہو یا پوری پوری ایستادگی نہ رہے تو مردکی اس بیماری کا نام نامردی ہے۔ اس کے پیدا ہونے کے یہ باعث ہیں۔

(۱) خاص آلہ تناسل (قضیب) میں کسی ناجائز حرکت مثل مشت زنی بچہ بازی کرنے سے عضو مذکور کا کمزور ہو جانا رگوں میں گندہ پانی کا جمع ہونا اور عضو کا ڈھیلا اور سست ہو جاتا ہے جس کے باعث جماع کا فعل نہ کر سکنا یا ادھورہ رہ جانا یا دروازے کے قریب غش کھا کر گر پڑنا برائے نام مردوں سے عورت ہرگز خوش نہیں رہتی بلکہ ان کا چہرہ دیکھنا بھی پسند نہیں کرتی۔

(۲) بدن کے اندرونی اعضا خاص کر دل، دماغ، جگر میں سے کسی ایک کا بھی کم طاقت ہو جانا خواہ کسی بیماری کی وجہ سے یا قوت ہاضمہ کی کمزوری سے کیونکہ معدہ جب اپنی ڈیوٹی کو اچھی طرح ادا نہیں کرتا غذا کو ٹھیک طور پر ہضم نہیں کرتا تو بدن میں اس کی وجہ سے خون کافی مقدار میں اعضائے تناسل کی طرف نہیں بھیج سکتا بھلا ایسے ایسی حالت میں کس چیز سے منی پیدا کریں۔ یہ ایک بڑی بھاری وجہ ہے جس کی طرف آج کل کے دوا فروش خیال نہیں کرتے خوب یاد رکھو کہ جس شخص کا ہاضمہ درست ہے غذا کامل طور سے جزو بدن بن جائے کچی غیر منہضم خوراک غذائیت کے جوہر پاخانہ کے ساتھ لے کر نکلے اس شخص کو کبھی کمزوری باہ ہو نہیں سکتی بشرطیکہ قضیب میں کوئی نقص نہ ہو آج کل ہر ایک اشتہاری ایسی ہی محرک باہ ادویات کا استعمال کراتا ہے کہ جس سے خون کو جوش آ جائے اور کچھ عرصہ کے لئے تو قوت باہ تیز ہو جاتی ہے لیکن وہ شخص جس کے بدن میں خون کافی مقدار میں موجود نہیں وہ اکثر ایسی ادویات سے بالکل اور کامل طور پر سست ہو جاتا ہے۔ اس کی مثال ایسی ہے

جیسا کہ ہنڈیا کا شوربا چولہے پر اُبلتا رہتا ہے اور نیچے اتر کر سرد اور غیر متحرک ہو جاتا ہے اس بحث سے یہ نتیجہ نکالا کہ ضعف باہ کے علاج کے لئے اگر بدن میں خون ناکافی ہے۔ سب سے اول کافی مقدار میں خون پیدا کرنا چاہئے اس کے بعد خون کو جوش دیا جائے۔

(۳) منی کا کافی مقدار میں پیدا نہ ہونا ضعف باہ کرتا ہے اور منی کا پیدا ہونا خون کی تولید پر منحصر ہے جتنا خون بدن میں زیادہ ہوتا رہے گا اتنی ہی منی زیادہ پیدا ہو گی اور جتنی منی زیادہ پیدا ہو گی خواہش جماع بھی زیادہ ہو گی۔

(۴) جو لوگ نشہ دار اشیاء افیون، بھنگ، کوکین، چرس وغیرہ کا استعمال رکھتے ہیں۔ ان کی منی سست ہو جاتی ہے۔ منی کے کرم مر جاتے ہیں۔ یہی وجہ کمزوری ہے۔

(۵) سوزاک آتشک جریان منی کا پتلا ہونا سرعت انزال یا رات کو احتلام ہوتے رہیں۔ انجام ان کا بھی یہی ہوتا ہے کہ قوت مردی ضعیف ہو جاتی ہے۔ یہ تو کمزوری کے بڑے اسباب ہیں اور فی زمانہ انہی کے باعث نامردی سستی اور کمزوری پیدا ہو رہی ہے۔ اب علاج کی طرف خیال فرمایئے۔

علاج نامردی

علاج شروع کرنے سے پہلے یہ نہایت ضروری ہے کہ سب سے اول معلوم کرلیا جائے کہ نامردی کن کن اسباب سے پیدا ہوئی آیا کوئی خاص جسمانی بیماری تو نہیں۔ اگر ہے تو پہلے اس کا علاج کروتا کہ اعضا طاقت کی دوائی کو قبول کرنے کے لئے مستعد ہو جائیں اور طاقت کو پکڑے رکھیں دوسرا یہ بھی دیکھا جائے کہ مریض کے آلت میں کیا کیا نقص ہیں۔

مثلاً کجی لاغری وغیرہ جو جلق وغیرہ کے باعث ہو جاتی ہیں اگر مریض نے مشت زنی یا بچہ بازی کی ہو تو ذیل کے طلاؤں مالش کے تیل یا ضمادوں (پٹی) ہی سے کسی ایک کا استعمال بھی لواؤ اور اندرونی طور پر کھانے کے لئے بھی دوائی دو ضرور کامیاب ہو گی اگر مریض نے جلق نہیں کیا ہوا تو صرف کھانے کی دوائی کافی ہو گی لیکن ذیل کے اصولوں کو کئی بار سمجھ سمجھ کر خوب ذہین نشین کرو۔

(۱) اگر نامردی کے مریض کی منی پتلی ہے یا فراغت فوراً ہی ہو جاتی ہے احتلام بکثرت ہوتے ہوں یا جریان منی پیشاب کے ہمراہ یا چلتے پھرتے بغیر ارادہ جماع منی کا نکلنا کا عارضہ لاحق ہو یا سوزاک وغیرہ ہو تو جب تک ان کا علاج پہلے نہ کیا جائے طاقت کی دوا ہرگز کھانے کو نہ دی جائے اور نہ ہی کوئی طلاء یا لیپ کرایا جائے۔ کیونکہ ایسی حالت میں منی کو جوش پہنچتا ہے وہ مقدار میں خارج ہونے لگ جاتی ہے اور بجائے فائدہ کے نقصان ہو جاتا ہے ان بیماریوں کے تیر بہدف نسخہ جات اگلے صفحوں پر درج ہیں۔

(۲) اگر مریض کو بھنگ یا افیون، چرس وغیرہ نشہ دار اشیاء کی عادت ہے تو پہلے یہ عادت ترک کراؤ۔

(۳) اگر مریض کا ہاضمہ خراب ہے۔ تو کھانا کھانے کے بعد مریض کو چورن ہاضمہ طعام کھلاؤ چورن شاہی یا نمک سلیمانی کا نسخہ آخر میں درج ہے۔

(۴) اگر مریض بہت لاغر ہو بدن میں خوب گھسٹ گیا ہو تو پہلے چند دن مریض کو نصف رتی کی مقدار میں کشتہ فولاد دیا۔

عرق فولاد کھلاؤ یا اس طرح کرو کہ ایک وقت فولاد کھلاؤ اور ایک وقت طاقت کی دوائیں انہی اصولوں پر کاربند رہا ہوں اس واسطے خدا کے فضل سے ہر جگہ کامیاب ہوتا رہا ہوں برسوں کے پرانے مایوس مریض نامردی شفا پذیر ہو گئے۔

(۵) جب علاج کیا جا رہا ہو تو مریض کا خون قصد وغیرہ کے ذریعہ ہرگز نہ نکلوایا جائے ایسا کرنے سے جو طاقت دوائی سے پیدا ہوئی ہو گی تلف ہو جائے گی اور نہ ہی تیز جلاب دیا جائے۔ اگر ضرورت ہو تو معمول قبض کشا گولیاں کھائی جائیں۔

(۶) ورزش کا خاص خیال رہے ہر چوبیس گھنٹہ کے بعد دس بارہ منٹ ضرور ورزش کیا کریں۔

(۷) جب تک پوری طاقت پیدا نہ ہو جائے عورت سے ہم بستری نہ کریں۔

(۸) نامردی کے مریض دوران علاج میں عشقیہ ناول کی کتابیں اور خوب صورت شہوت انگیز زنانہ تصاویر دیکھتے رہا کریں۔ لیکن خوب یاد رہے کہ جریان سرعت انزال احتلام اور سوزاک کے مریض ہرگز کوئی تصویر نہ دیکھا کریں۔ بلکہ ہر وقت خیالات کو پاک رکھیں ورنہ حرص پرستی کی آگ سے منی رقیق ہو ہو کر زیادہ بہنے لگ جائے گی۔

(۹) چونکہ ایسی بیماریاں آج کل قانون قدرت کے برخلاف کارروائی کرنے سے یا بدکاری زنا وغیرہ کے باعث پیدا ہوتی ہیں اس واسطے قدرت سزا دیتی ہے لیکن خدائے پاک کی ذات پاک پھر بھی کیسی رحیم ہے کہ اس نے ہر مرض کی ستر (70) دوائیں پیدا فرمائیں یہ اس کا احسان اور بندہ نوازی ہے۔ اگر ایسا نہ ہوتا تو مریض مدت العمر تک زندہ درگور رہتے اور اپنی خود کردہ کرتوت کا ماتم ہر دم کرتے رہتے۔ پس ضروری معلوم ہوا کہ علاج کرنے سے پہلے محسن حقیقی کا شکریہ ادا کیا جائے اور

پشیمان ہو کر گذشتہ کرتوت سے بخلوص دل سچی توبہ کا معاہدہ کر کے بارگاہ علیٰ میں شفا کے لئے دعا کی جائے ضرور ہے کہ شفائے کلی حاصل ہوگی۔

پرہیز

اعضائے تناسل کے مریض ترش اشیاء گڑ تیل کثرت سرخ مرچ اور جماع سے پرہیز کریں اور سرد اور بے حس کرنے والی ادویات جو قوت باہ کو کمزور کرتی ہیں۔ ہرگز استعمال میں نہ لائیں۔

وہ ادویات یہ ہیں، کافور، دھنیا، کاسنی، کاہو خرفہ، نارنگی، آلو بخارا، املی، لیموں، انار دانہ، کلورل ہیڈریٹ، ایمونیم برومائیڈ، پوٹاسی برومائیڈ، کونائیم وغیرہ۔

نسخہ جات

اکسیر نامردی

ناظرین شاید یہ کہیں گے کہ میں نے نامردی میں کشتہ جات سے کام لیا ہے۔

بے شک یہ سچ ہے لیکن کوئی بوٹی بھی ایسی نظر نہیں آئی جو نامردی کو شفا دے سکے کہ جس کو بھگو کر یا جوش دے کر پی لیا جائے اور آرام ہو جائے بوٹیوں سے فلزات بدنی کی کمی ہرگز پوری نہیں ہو سکتی یہ دھاتوں ہی کی ڈیوٹی ہے ڈاکٹری میں بھی ان کے دھاتوں کے جوہر ست وغیرہ استعمال کرائے جاتے ہیں۔ جو بجائے خود ایک کشتہ کی قسم ہیں تیزابی کشتہ جات اتنے زیادہ مفید نہیں ہوتے جتنے بوٹیوں سے بنے ہوئے ان کے ہمراہ دودھ گھی خوب کھائیں کوئی خطرہ نہیں۔

نسخہ نمبر ا

قوت باہ کی ترقی اور نامردی کے شافی اور مستقبل علاج کے واسطے سونے کا نمبر سب سے اول ہے اگرچہ یہ ایک گراں قیمت دھات ہے لیکن اس کا کشتہ تیار ہو جاتا ہے تو فی خوراک چند پیسے ہی لاگت آتی ہے۔ جس طرح سونا تمام دھاتوں کا بادشاہ ہے اسی طرح اس کا کشتہ بھی فوائد کے لحاظ سے تمام مقویات باہ کا بادشاہ ہے میں نے اسی لئے اس کو بطور نسخہ اول جگہ دی ہے۔ کئی مرتبہ میں نے بتایا ہے ہر جگہ مثل اکسیر پایا ہے۔ نامردی کا جانی دشمن ہے۔ نامردی اس طرح سے اس کے مقابلے سے بھاگ جاتی ہے جس طرح مچھر ہوا سے۔ معدہ کو خوب طاقت دیتا ہے ضعف جگر کا نام ونشان باقی نہیں رہتا ادھر تک اور دمہ کو بھی حکماً شفا دیتا ہے جسم انسانی کو مثل کندن بنا دیتا ہے۔ بالکل بے ضرر ہے کوئی نقصان نہیں دیتا۔ دودھ، گھی بکثرت ہضم کراتا ہے دل ودماغ جگر، گردہ، مثانہ کے ضعف کو دور کرتا ہے شاید ناظرین یہ اعتراض کریں کہ جوان آدمی چالیس برس کی کم عمر کو دھات کھلانا جائز نہیں یہ بالکل غلط ہے بدن انسان میں فلزات قدرتی طور پر پائے جاتے ہیں جب وہ بدن سے کم ہو جاتے ہیں تو اس قسم کی بیماریاں پیدا ہو جاتی ہیں آج کل کے ایسے نوجوان پرانے زمانہ کے چالیس سالہ اشخاص کی مانند بن گئے ہیں۔ اس لئے اس عمر میں بھی کشتہ کا کھلانا جائز ہوا میں نسخہ کی غلط تعریف کرنا گناہ کبیرہ خیال کرتا ہوں۔ آپ بیشک ایک مرتبہ آزمائش کر کے دیکھیں مطابق فوائد مذکورہ کے پائیں گے۔ اب اس کے تیار کرنے کی ترکیب بغور ملاحظہ فرمائیے اور وہ یہ ہے خالص سونا تین ماشہ کا سوہن سے باریک برادہ کر لیں گلاب کے پھول (درجہ اول) یا برگ نیم کو گھوٹ کر ایک پاؤ بھر یعنی چار چھٹانک پانی نکال لیا جائے اب برادہ کو کسی عمدہ پتھر کی کھرل میں ڈال کر تھوڑا تھوڑا گلاب کا پانی ڈالتے جائیں اور خوب رگڑتے رہیں جب تمام پانی جذب ہو جائے اور برادہ باریک مثل سرمہ کے ہو جائے تو اس کی ایک ٹکیہ بنالیں۔ خواہ باریک مثل سرمہ ہی رہنے دیں اب اس کو ایک مٹی کی پیالی میں ڈال دیں اور دوسری پیالی اس طرح الٹا کر رکھ دیں کہ لب ہر دو پیالیوں کے بند رہیں اب

ان دنوں پیالیوں کو مٹی سے معمولی طور پر لیپ کر کے خشک کریں اور زمین میں ایک اتنا گڑھا کھود یں کہ جس میں بارہ سیر اوپلہ (تھاپیاں) آجائیں۔ اس گڑھے میں چھ سیر اوپلے بچھا دیں ان پر پیالی رکھ دیں باقی چھ سیر اوپلے پیالی کے اوپر رکھ دیں۔ اب اوپر سے آگ لگا دیں جب آگ سرد ہو جائے پیالی کو نکال کر کشتہ جو بے چمک پھولا ہوا ہو گا بحفاظت کپڑے سے چھان کر کسی شیشی میں رکھ لیں پس اکسیر تیار ہو گئی۔

ترکیب استعمال

جوان آدمی یا ضعیف آدمی ہو دو تولہ مسکہ (مکھن) میں ایک دانہ خشخاش کے برابر صبح کو نہار منہ کھلا دو ہر روز ایک دانہ خشخاش کے وزن برابر بڑھاتے جاؤ۔ حد ایک دانہ چاول تک دودھ اور گھی جس قدر ہضم ہو سکے خوب کھاؤ سب ہضم ہو جائے گا جو گ مسکہ کو پسند نہ کریں وہ بالائی کے ہمراہ کھا لیا کریں لیکن یاد رہے کہ موسم سردی کا ہو اور سال بھر میں تین رتی سے زیادہ نہ کھایا جائے ایک نامردی اور سال بھر میں تین رتی سے زیادہ نہ کھایا جائے ایک نامردی کے مریض کو چوتھی خوراک نے عجیب کرشمہ دکھلایا یاد رہے کہ جس شخص کو یہ اکسیر کھلائی جائے اس کو فولاد یا عرق فولاد کھلانے کی کوئی ضرورت نہیں صرف یہی اکسیر کافی ہے۔ نامرد خدائے پاک شافی کی رحمت کے گیت گا گا کر باہم خوش زندگی بسر کرے گا اور مرد کامل بن جائے گا۔

تریاق نامردی

سم الفار (سنکھیا) کا کشتہ بھی نامردی کے لئے نہایت ہی مؤثر، زود اثر اور عجیب الکیفیت ہے۔ ہزاروں مرتبہ آزمایا جا چکا ہے۔ چند خوراکوں سے نامردی کافور ہو جاتی ہے۔ ہر صبح کشتہ سنکھیا ایک چاول بھر تین تولہ مکھن یا ملائی کے ہمراہ کھا لیا کریں۔ نہار منہ کشتہ کھانا منع ہے۔ اس کے ہمراہ بھی دودھ گھی کا بکثرت استعمال رکھیں اور قدرت خدا کا مشاہدہ کریں اس کے کشتہ کرنے کی ترکیب حصہ کشتہ جات ملاحظہ فرمائیں۔ اگر کچا سنکھیا ہی نصف چاول سے ایک چاول تک ہر روز کھلایا جائے تو کئی دونوں کے بعد ضعف باہ وغیرہ سب دور

ہو جاتے ہیں۔ بعض حکیم سنکھیا کے جوہر اڑا کر استعمال کراتے ہیں۔ لیکن سب سے زیادہ مفید کشتہ ہی ہوتا ہے۔

اکسیر نامردی نمبر ۳

شنگرف رومی کا کشتہ بھی نامردی کا جانی دشمن ہے اور کشتہ سنکھیا سے کسی صورت میں کم فوائد نہیں رکھتا ترکیب استعمال وہی ہے جو کشتہ سنکھیا کی نصف چاول سے ایک چاول تک خوراک ہے دودھ گھی خوب ہضم کراتا ہے۔ یہ سب اکسیری نسخہ جات ہیں۔
سنیاسیوں اور یونانیوں کا دارومدار انہی کشتہ جات پر ہے۔ ترکیب بنانے کی حصہ کشتہ جات میں ملاحظہ ہو۔

تریاق نامردی نمبر ۴

کشتہ تانبا نامردی کو دور کرنے میں جادو کا اثر رکھتا ہے۔ خوراک ہر روز صبح کے وقت نصف چاول سے ایک چاول تک مکھن وغیرہ میں گھی دودھ بکثرت استعمال کریں۔ بے مثل طاقت پیدا کرتا ہے ترکیب اس کی بھی حصہ کشتہ جات میں درج ہے۔

اکسیر نامردی نمبر ۵

کشتہ پارہ بھی نامرد کو مرد بنانے میں بے مثل ہے۔ خوراک نصف چاول سے ایک چاول تک بطریق بالا کام میں لائیں۔ بڑا زود اثر کشتہ ہے ترکیب آگے درج ہو گی۔

اکسیر نامردی نمبر ۶

سنکھیا سفید ایک ماشہ اکسٹراکٹ نکس وامیکا انگریزی دوائی کچلہ کا ست ایک رتی دونوں کو باہم خوب بخق کریں کہ یک جان ہو جائیں ایک تولہ کتھ کے باریک سفوف میں یہ مجموعہ ملا کر ۶۰ گولیاں بنائیں، ایک گولی صبح کو اور ایک رات کو کھانا کھانے کے ایک گھنٹہ بعد دودھ کے ہمراہ کھاتے رہیں۔ ایک مہینہ تک کھائیں نامردی دور ہو جائے گی۔ اس کا

استعمال موسم سرما میں کرنا چاہئے۔

اکسیر نامردی نمبر ۷

گولڈن ٹانک پلز (سونے کی مقوی گولیاں) ان گولیوں کا نسخہ ولایت کے ڈاکٹروں کا نامردی کے لئے تسلیم کردہ نہایت مفید ہے۔ نسخہ یہ ہے اکسٹرا اکٹ ڈمیانہ ۴ ڈرام' اکسٹرکٹ نکس وامیکا ۲۵ گرین کلورائڈ آف گولڈ اینڈ سوڈیم ایک گرین' کونین سلفاس ایک ڈرام تمام کو ملا کر گوند کے پانی کے ہمراہ ایک سو گولیاں بنا دیں۔
ایک گولی دن کو ایک دوپہر کو' ایک گولی رات کو طعام کھانے کے ہمراہ کھاتے رہیں۔

اکسیر نامردی نمبر ۸

نامردی کے دفعیہ کے لئے فاسفورس بھی نہایت معزز و معتبر ادویات میں سے چوٹی کی دوائی ہے۔ اس سے بنا ہوا ایک نسخہ گولیاں کا نام گولڈن فاسفورس پلز ہے' بہتر یہی ہے کہ بنی بنائی استعمال کی جائیں یا اپنے روبرو کسی ڈاکٹر سے تیار کرائی جائیں نسخہ یہ ہے کہ کلورائڈ آف گولڈ اڑھائی گرین' فری ایٹ کونین سٹراس اڑھائی ڈرام' اکسٹرکٹ نکس وامیکا ۱۶ گرین اکسٹریٹ ڈامیانہ سوا تین گرین' فاسفورس ۳ گرین دو دو رتی وزن برابر گولیاں بنائیں ایک گولی دن کو ایک رات کو بعد طعام خواہ دودھ کے کھاتے رہیں۔

دافع نامردی نسخہ نمبر ۹

فرائی سلفاس دو ڈرام' اکسٹرا اکٹ نکس وامیکا ۳ گرین' فاسفورس ۳ گرین' جنشن حسب ضرور ملا کر ۱۲۰ گولیاں بنوائیں خوراک ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ دودھ بعد از طعام۔

دافع نامردی نسخہ نمبر ۱۰

کنتھیر یڈیز ۵ گرین' اکسٹرکٹ کوکا ایک سو گرین فاسفورس ا گرین' اکسٹرکٹ نکس وامیکا ۱۲ گرین' اکسٹرکٹ ڈامیانہ ایک گرین سب ملا کر ایک سو گولیاں بنوائیں۔ دن میں تین تین مرتبہ ایک ایک گولی بعد طعام دودھ کے ہمراہ کھاتے رہیں۔

نوٹ: ایک ڈرام چار ماشہ کے برابر ہوتا ہے اور ایک گرین نصف رتی کے قریب۔

معجون مقوی باہ

تودری زرد' تودری سفید' گوکھرو خورد' گوکھرو کلاں موصلی سفید ہر ایک ایک تولہ' شقاقل' طباشیر' دارچینی ہر ایک ۶ ماشہ بہمن سفید' بہمن سرخ ہر ایک ایک تولہ ثعلب مصری اندر جو سمندر سوکھ ایک ایک تولہ تال مکھانہ ایک تولہ مغز پستہ' مغز چلغوزہ' مغز بادام شیریں ایک آدھ پاؤ سب کو کوٹ کر باہم ملا دیں اور مصری یا چینی کھانڈ نصف سیر کا قوام کریں (پکا کر لیسدار شیرہ بنائیں۔ شیرہ سرد ہونے پر تمام ادویات ملا دیں ہر روز صبح کو ایک تولہ بھر میں ایک رتی کشتہ قلعی یا ایک چاول کشتہ سنکھیا ملا کر کھایا کریں۔

سفوف مقوی باہ

پان کی جڑھ ایک چھٹانک' دارچینی ۲ تولہ' زعفران ۳ ماشہ کو کوٹ کر ململ کے باریک کپڑے سے چھان لیں ہر روز صبح کو ۲ ماشہ کے قریب لے کر نصف رتی کشتہ فولاد ملا کر دودھ کے ہمراہ موسم سرما میں کھالیا کریں خوب طاقت دیتا ہے ہاضمہ کو تیز کرتا ہے۔ چہرہ رنگ سرخ کر دیتا ہے۔

دودھ مقوی باہ

ایک بکرے یا گائے کو ہر روز شنگرف رومی یا سنکھیا سفید ایک ایک رتی بھر ایک پیڑا یا روئی کے ٹکڑے میں لپیٹ کر کھلا دیا کریں اور صبح کو تازہ دودھ نوش کر لیا کریں کبھی کمزوری نہ

ہو گی بدن کندن کی طرح چمکدار ہو جائے گا۔

حلوا مقوی باہ

مرغی کا ایک انڈہ لے کر ایک طرف ذرا سا توڑ کر زردی و سفیدی نکال لیں۔ انڈے کے خول میں پیاز کا پانی بھر کر وہ بھی زردی و سفیدی میں ملا دیں۔ اسی طرح دہی خول شہد کا بھر کر ملا کر سب کو ایک جان کر دیں چینی (کھانڈ) ڈال کر شیریں کر لیں۔

کرچھ میں تھوڑی سی نمی ڈال کر جوش دیں پھر مجموعہ مذکور ڈال دیں خیال رہے کہ یہ مجموعہ بہت نہ جل جائے دو چار جوش کافی ہیں۔ ٹھنڈا کر کے کھاؤ اور قوت کے تماشے ملاحظہ فرماؤ۔

عرق ماءاللحم

بدن کو تیار کرے خون بکثرت پیدا کرے دل و دماغ جگر، گردہ، معدہ کو طاقت دے جماع کی خواہش کو تیز کرے اس کے بیشمار فوائد ہیں۔ ترکیب یہ ہے کہ گوشت بکری ۵ سیر، گوشت مرغ جوان ۵ سیر، گوشت بٹیر ۲۰ عدد، گوشت کبوتر ۵ عدد، گوشت چڑیا نر ۴۰ عدد پہلے گوشت کو ہڈیوں اور چربی سے علیحدہ کریں ایک بڑے دیگچہ میں ڈیڑھ من پانی ڈال کر سب گوشت ملا کر ڈال دیں ان کی یخنی نکال لیں جب یخنی ایک من کے قریب رہ جائے تو اس یخنی میں اشیاء ذیل ڈال کر عرق کشید کراؤ انگور ۲ سیر کشمش سیر سیب کشمیری دو درجن، زعفران ایک تولہ، دارچینی ایک چھٹانک، مصطگی رومی ایک تولہ، لونگ ایک تولہ، فلفل دراز ایک تولہ، پان کی جڑ ایک تولہ، چوب چینی ۲ تولہ، شاہترہ ۲ تولہ، گلاب کے پھول ۲ تولہ، گاؤزبان ایک تولہ، عقرقرحا ۲ تولہ جب عرق تیار ہو جائے تو بوتلوں میں بند کر لیں سردی کے موسم میں تین تولہ سے دس تولہ تک نوش کریں واقعی اکسیر بدن ہے۔

نسخہ جات طلاو پٹی کیمیائے آلہ تناسل

واضح ہو کہ جن اشتہاریوں نے یہ دعویٰ کیا ہے کہ ہمارے طلا سے ہر قسم کی نامردی

دور ہو جاتی ہے وہ سراسر کاذب ہیں طلا صرف اس نامردی کو شفا دے سکتا ہے جو بوجہ مشت زنی وغیرہ خاص آلہ تناسل کے پٹھوں کے نقائص کی وجہ سے ہوا گر اعضاء رئیسہ کی کمزوری کے باعث نامردی ہے تو وہاں طلاء کیا کر سکتا ہے میں نے اپنی کتاب خفیہ حکم میں کئی ایک طلا کے نسخہ جات قلمبند کر دیئے تھے لیکن یہاں صرف دو نسخوں کا ذکر کروں گا یہ دونوں نسخے تمام طلاؤں کے بادشاہ ہیں اور سب ان کی رعایا بنانے میں بھی آسان میں ان طلاؤں سے آلہ تناسل کی کمزوری سستی کجی وغیرہ سب دور ہو جاتی ہے یاد رہے کو سنکھیا ہر ایک طلاء کا جزو اعظم ہے اس کے بغیر کوئی طلا پورے فوائد نہیں دے سکتا۔

نسخہ طلائے شاہی

سنکھیا سفید کی ایک ڈلی وزنی ایک چھٹانک کو ۵ روز تک مدار (آک) کے دودھ میں تر رکھو پھر پانچ روز تک ڈنڈا تھوہر کے دودھ میں تر رکھو پھر ڈلی کو تھوہر کی موٹی شاخ میں سوراخ کر کے رکھ آؤ۔ بعد میعاد مذکور گائے کے مکھن وزنی آدھ پاؤ یعنی دس تولہ میں پانچ دن تک خوب کھرل کراتے رہیں ایک خاص آدمی اس کام پر چاہیے بعدہ ایک چینی کی رکابی میں ڈال کر رکابی کو دھوپ تیز میں رکھ کر ذرا سا ترچھا کر دیں تاکہ اس سے گھی پگھل پگھل کر نیچے کی طرف آتا جائے وہ گھی کسی صاف برتن میں ڈالتے جائیں اس بات کا خیال رہے کہ سنکھیا کی جسمیت گھی میں نہ آنے پائے۔ جتنا گھی نکلے اس کو وزن کر لیں اور ہر فی تولہ گھی میں بحساب عقرقرحا ایک ماشہ لونگ ٹوپی دار ایک ماشہ جائفل ایک ماشہ زعفران کشمیری ۳ رتی، بیر بہوٹی (کرم مخمل برساتی) ایک ماشہ، کیچوے خشک ایک ماشہ، سفید کنیر کی جڑ ایک ماشہ، کستوری ۲ رتی ڈال کر دو دن تک کھرل کرتے رہیں بعدہٗ جلد پر ذرا سا ملیں اگر جلد کے اندر جذب ہو جائے تو سمجھ تیار ہے۔ ورنہ اور کھرل کرتے جاؤ، جلد میں جذب ہوگا تو فائدہ بھی تب ہی دے گا ورنہ ناقص رہے گا یہ طلا درحقیقت نہایت ہی اکسیر ہے سینکڑوں مریض کامیاب ہو گئے۔ ایسے مفید نسخہ کا اظہار کیا دریا دلی نہیں تو اور کیا ہے۔ اس کے مقابلہ میں دنیا بھر کے سب طلاء بالکل بے وقعت ہیں۔

طلائے نایاب دافع نامردی ضرر جلق وغیرہ

لونگ کلاہ دار دارچینی، کچلہ، جما لگوٹہ، مالکنگنی، عقرقرحا، مصطگی رومی مٹھا تیلیہ، جائفل، جلوتری، تخم دھتورا، مغز چلغوزہ، تمباکو خشک سفید کنیر کی جڑھ، تخم مولی زعفران ۳ ماشہ، باقی ہر ایک ایک تولہ کو باریک کوٹ کر مرغی کے انڈوں کی زردی چھ تولہ شراب برانڈی ایک پاؤ کے ہمراہ خوب کھرل کر کے گولیاں بنائیں۔ ایک آتشی شیشہ کی بوتل میں گولیاں بھر کر بذریعہ پتال جنتر روغن کشید کریں۔ (ترکیب آسان ہے) کسی دوائی پیشہ سے دریافت کرلیں بعدہٗ چربی شیر ایک تولہ چربی ریچھ اتولہ گرم کر کے ملائیں۔ ترکیب استعمال طلا طلا شاہی یا طلائے نایاب کے دوتین قطرے انگلی سے لگا کر آلہ تناسل کے اوپر اور دائیں بائیں مالش کریں حشفہ کا اگلا حصہ بچائے رکھیں۔ صبح کو اور رات کو دو دفعہ مالش کیا کریں۔ مالش کے بعد بھوج پتر یا ارنڈ کا پتا وغیرہ باندھ دیا کریں۔ مالش کرنے سے پہلے معمولی طور پر موٹے کپڑے سے عضو خاص کو ذرا رگڑ لیں تو وہ بہت مناسب ہوگا سرد پانی سے طہارت نہ کریں۔ چند دنوں کے بعد چھوٹے چھوٹے دانے پت کے نکل آئیں گی عضو کا گندہ پانی جذب ہو جائے گا۔ اب مالش موقوف کر دیں۔ اگر کچھ باقی رہ گئی ہو تو ایک ہفتہ کے بعد دوبارہ مالش کریں۔

نسخہ پٹی یا لیپ

بعض طبیب طلاء کی نسبت پٹی کو زیادہ سمجھتے ہیں اس سے آبلہ پیدا ہو کر گندہ پانی نکال دیا جاتا ہے اور طلاء گندہ پانی کو اندر ہی اندر خشک کر کے عضو میں طاقت بھر دیتا ہے نسخہ پٹی کا مجرب المجرب یہ ہے۔ لونگ دارچینی، شنگرف رومی ہر ایک ایک ماشہ جما لگوٹہ ۳ دانہ، سنکھیا سفید ۴ رتی، پارہ ۶ ماشہ گندھک ۳ دانہ، سنکھیا سفید ۴ رتی، پارہ ۶ ماشہ، گندھک ۶ ماشہ۔

ترکیب: پہلے ایک صاف کھرل میں پارہ اور گندھک کو خوب ملحق کریں کہ دونوں یکجان ہو کر سیاہ رنگ کا سفوف بن جائے اب باقی اشیاء کوٹ کر ملائے خوب کھرل کریں کہ مانند غبار یا سرمہ باریک ہو جائے چند قطرے پانی کے ڈال کر یک جان کرلیں نامرد کے آلہ

تناسل کے اوپر جڑ قضیب کے قریب ایک چنے کے دانہ برابر یہ دوائی رکھ کر اوپر پٹی باندھ دیں بعض کو ایک دن میں بعض کو دو تین دن میں آبلہ پیدا ہوگا۔

احتیاط

جب آبلہ پیدا ہو جائے گا تو خصیوں وغیرہ کو روئی سے خوب محفوظ کر کے سوئی سے آبلہ کو ذرا سا چھیڑ دیں گندہ پانی بہہ جائے گا۔ خیال ہے کہ وہ زہریلا پانی بدن کے کسی حصہ پر نہ لگنے پائے ورنہ زخم ہو جائیں گے اور سخت تکلیف ہوگی اس ترکیب سے عضو میں تندرستی آ جاتی ہے۔ اب آبلہ کے زخم پر گھی لگا دیا کریں، زخم مٹ جائے گا۔

نوٹ:

دوائی پٹی کی باقی بچ رہے۔ وہ قفل لگا کر بحفاظت رکھیں کیونکہ زہریلا مرکب ہے۔

پٹی نمبر۲

کنتھریڈس پلاسٹر ایک انگریزی دوائی تیلیہ جانور سے بنائی جاتی ہے جو انگریزی دوا فروشوں کے ہاں سے بہت مل جاتی ہے اس کا لیپ بھی ترکیب بالا کی طرح مجلوق کو کامل فائدہ بخشتا ہے۔ مجرب ہے۔ علاوہ ان کے احقر کو کئی پٹی کے کئی ایک نسخہ جات معلوم ہیں۔ لیکن مفید ترین بیاں درج کر دیئے ہیں۔

ٹکور

طلاء پٹی کے استعمال کے بعد لونگ ۳ ماشہ، دارچینی ۳ ماشہ، سفید کنیر کی جڑ ۱ تولہ، جائفل تین عدد، جلوتری ۶ ماشہ کو کوٹ کر ہاتھی دانت کا برادہ ۲ تولہ ملا کر دو عدد پوٹلیاں ململ کے باریک کپڑے میں باندھ دیں ایک دیگچی میں بھیڑ کا دودھ ڈال کر جوش دیں۔ دیگچی کے اوپر باریک کپڑا باندھ دیں۔ اس کپڑے پر پوٹلیاں دودھ کی بھاپ سے گرم کر کے آلہ تناسل کو حشفہ چھوڑ کر دس پندرہ منٹ تک کئی دن خوب سینکتے رہیں اور سرد پانی سے نہ دھوئیں

ایسی سختی اور تندی پیدا ہو جاتی ہے کہ بیان سے باہر۔

نوٹ: آج کل کے زمانہ میں برقی طاقت سے بھی آلہ تناسل کی بیماریوں کا علاج کیا جاتا ہے لیکن تجربہ سے معلوم ہوا ہے کہ وہ علاج دیرپا اور مستقل نہیں ہے۔ بہت جلد اثر زائل ہو جاتا ہے۔

کوتاہی و لاغری آلہ تناسل

جب نوجوان عین شباب میں مشت زنی وغیرہ کرتا ہے اور قضیب نقصان پذیر ہو جاتا ہے۔ تو اس دن سے آلہ تناسل کا فی نشوونما پانے سے رک جاتا ہے یہی وجہ ہے کہ ۳۰ سالہ مجلوق مرد کا قضیب سات سالہ لڑکے کے آلہ تناسل کے برابر ہوتا ہے جب طلا یا پٹی سے عضو کا گندہ پانی نکالا جائے اور کبھی ڈھیلا پن دور ہو جائے تو عضو کو لمبا اور موٹا کرنے کا علاج کرنا چاہئے لیکن افسوس اس بات کا ہے کہ ۳۰ برس عمر کے بعد علاج کرنے سے آلہ تناسل قدرتی لمبائی اور موٹائی حاصل نہیں کر سکتا۔ تاہم علاج سے بہت کچھ فائدہ ہو جاتا ہے درازگی کی زیادہ تر ضرورت اس لئے ہے کہ اگر عضو چھ انگل سے کم لمبا ہو تو عورت کے رحم بچہ دانی کے منہ میں داخل نہیں ہو سکتا۔ ایسے مرد کو بچہ دانی کے منہ کے قریب ہی انزال ہو جاتا ہے اس لئے اولاد سے محرومی رہتی ہے اچھے بھلے آلہ تناسل کو لمبا یا موٹا کرنے کی کوشش کرو گے تو بجائے فائدہ کے نقصان ہوگا۔

نسخہ دافع کوتاہی و لاغری آلہ تناسل

بنولہ (تخم کپاس) کا تیل ۲ تولہ روغن چنبیلی ۲ تولہ' بکری کے پتہ کا پانی ۶ ماشہ' جونک خشک ۳ ماشہ' بیر بہوٹی ۳ ماشہ' قبرستان کے مکوڑے ۲۰ عدد' بھڑ زنبور ۱۰ عدد' چربی بط ایک تولہ' چربی مچھلی ۶ ماشہ پہلے سب ادویات کو سوائے چربی کے روغن بنولہ و روغن چنبیلی میں ایک دن تک کھرل گرم کر کے اس مجموعہ میں ملا کر خوب کھرل کریں۔

آلہ تناسل پر حشفہ چھوڑ کر اوپر کی جانب گاڑھا گاڑھا لیپ کرتے رہیں لیپ کرنے سے پہلے عضو کو موٹے کپڑے سے ذرا رگڑ لیں اور بھوج پتر یا ارنڈ کا پتہ رکھ کر پٹی باندھ دیا

کریں بیس اکیس روز تک ایسا ہی کریں۔

جریان منی

جب پیشاب کے پہلے یا بعد میں رات کو خواب یا دن کو بیداری میں اٹھتے بیٹھتے یا نماز کے رکوع سجود یا صرف بوسہ لینے سے منی کا قطرہ ضائع ہو جائے تو اس کو جریان منی کی بیماری کے نام سے موسوم کرتی ہیں۔ بیماروں کے حالات سے یہ معلوم ہوا ہے کہ یہ مراحل یکدم ہی نہیں ہو جاتا عموماً جلق کے باعث پہلے احتلام (رات کو نیند میں خیالی جماع کرنے سے بدن کا ناپاک ہو جانا) ایک ایک ہفتہ میں کئی کئی بار ہوا کرتا ہے۔ اس کے بعد سرعت انزال (جماع سے پہلے جلدی فارغ ہو جانا) کا عارضہ لاحق ہو جاتا ہے جب اور ترقی ہوئی تو منی پیشاب کے آگے یا بعد میں خود بخود خارج ہونے لگ جاتی ہے۔ یہ بھی بڑی موذی اور منحوس مرض ہے اخیر میں ایسی نامردی ہو جاتی ہے کہ جو علاج پذیر نہیں ہو سکتی اس مرض سے بدن کا سارا چرخہ ڈھیلا ہو جاتا ہے۔ کمر درد، ضعف نظر کمزوری بدن اس کا ادنیٰ کرشمہ ہے احتلام سرعت انزل پہ کوئی علیحدہ بیماریاں نہیں اور نہ اپنی دواؤں سے شفا پذیر ہو جاتی ہیں۔ جن سے جریان منی اس لئے ان کا علیحدہ ذکر کرنے کی ضرورت نہیں۔ اگر بدن میں گرمی زیادہ ہو گئی ہو اور پیشاب سرخ رنگ کا آتا ہو تو پہلے سرد دوائی مثل شربت آنار، شربت صندل وغیرہ لعاب بہیدانہ میں ملا کر نوش کرتے رہیں۔ جب گرمی دور ہو جائے تو منی کو گاڑھا کرنے کی دوائی مندرجہ ذیل کھائیں۔ گوند کیکر ا تولہ، گوند کتیرا ۱ تولہ موصل سفید ایک تولہ، سپاری دکھنی ایک تولہ، طباشیر ۲ ماشہ، دانہ الائچی سفید ۳ ماشہ، سرد چینی ۴ ماشہ، قلمی شورہ ۶ ماشہ سب کو کوٹ چھان کر بقدر نصف مصری پیس کر ملا دیں چار ماشہ سے چھ ماشہ تک ہر روز صبح کو پانی کے ہمراہ کھاتے رہیں۔ احتلام و سرعت انزال دور اور منی گاڑھی ہو جائے گی۔

تریاق جریان نمبرا

کیکر کے درخت کی پھلیوں کو جن میں بیج نہ پڑا ہو گھوٹ کر لیسدار پانی نکال لو ایک

لوہے کی کڑاہی میں وہ پانی ڈال کر بحساب فی سیر پانی موصلی سفید ۵ تولہ سپاری دکھنی ۵ تولہ کوٹ پیس کر کپڑا چھان کر کے ملا کر پکائیں اور کسی لکڑی سے خوب ہلاتے جائیں تا کہ دوا سڑ نہ جائے جب خشک ہونے کے قریب ہو جائے تو اتار کر سرد کر کے چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔ ہر ایک گولی میں نصف رتی کشتہ چاندی ملائی جائے ایک گولی صبح کو ایک شام کو دودھ کے ہمراہ کھاتے رہیں۔ پرانا جریان بھی اس سے دور ہو جاتا ہے۔ ثابت قدمی سے دوا کھاتے رہیں۔ یاد رہے کہ جریان کا مرض ذرا دیر میں شفا پذیر ہوا کرتا ہے ایسا نہ ہو کہ چند روز کے بعد نسخہ کو غیر مفید سمجھ کر ہمت ہار کر بیٹھ جائیں۔

نمبر۲

تالمکھانہ ایک پاؤ سپاری دکھنی ایک چھٹانک گوند کیکر ایک چھٹانک شقاقل ۲ تولہ، ثعلب ۲ تولہ، موصلی سفید ۲ تولہ تودری زرد ۲ تولہ کو الگ الگ باریک کوٹ کر کپڑ چھان کر کے آپس میں ملا دو اور کیکر کی پھلی (خواہ تازہ ہو یا خشک) نصف پاؤ درخت برگد (بوہڑ) کی ڈاڑھ ایک چھٹانک، بوہڑ کا دودھ ۲۰ تولہ۔ پھلی اور ڈاڑھ کو ڈیڑھ سیر پانی میں رات کو بھگو رکھو، صبح کو خوب گھوٹ کر کپڑ چھان کر کے پانی نکلوا لو۔ اس میں بوہڑ کا دودھ ملا کر خوب ہلا دو بعدہٗ سفوف بالا ملا کر اچھی طرح ہلا کر سایہ میں وہ سفوف خشک کرو۔ اب خوب باریک پیس کر سفوف ملا کر نصف نصف چینی ملا کر ہر روز صبح کو تین ماشہ سے ۶ ماشہ تک دودھ کے ہمراہ کھاتے رہو اور سارا دن سوائے دودھ کے کوئی روٹی وغیرہ نہ کھاؤ۔ دودھ پر ہی گذار کرو اس عمل سے پندرہ برس کا جریان دور ہو جائے گا اور منی بکثرت پیدا ہوتی ہے اور بدن میں عمدہ طاقت آ جاتی ہے۔ گھبرائیں نہیں پہلے ذرا محنت کرنی پڑتی ہے اور سفوف پسند نہ ہو تو اسی کی گولیاں بنا سکتے ہیں مجرب المجرب ہے۔

نمبر۳

ایک مریض جریان کو اس سے شفا حاصل ہو گئی چھلکا اسبغول ۱ ماشہ، طباشیر ۱ ماشہ، دانہ الائچی خورد کوٹا ہوا ۱ ماشہ، کشتہ سیسہ (سکہ) ایک رتی (یہ ایک خوراک ہے) ۲۱ دن تک ایسی

Qureshi

خوراک صبح کو دودھ کے ہمراہ کھلاتے رہیں۔)

نمبر۴

کشتہ سہ (۳) دھاتہ قلعی سکہ جست ایک رتی بھر دو تولہ مکھن میں ہر روز صبح کو ۴۰ دن تک کھاتے رہیں نہایت ہی مفید ہے ترکیب کشتہ آگے درج ہوگئی۔

نمبر۵

درخت گولر کا پھل ایک چھٹانک سپاری دکھنی ۳ تولہ' سنگھاڑہ کا آٹا ۳ تولہ' طباشیر ایک تولہ کوٹ چھان کر ۴ ماشہ صبح ۴ ماشہ شام رتی قلعی ملا کر دودھ کے ہمراہ کھایا کریں۔ ۴۰ دن تک مجرب ہے۔

نمبر۶

بہو پھلی ۶ ماشہ موصلی ۳ ماشہ رات کو پانی میں بھگو رکھیں صبح کو گھوٹ کر لعاب کپڑ چھان کر کے میٹھا ملا کر نوش کر جائیں۔ ۱۴ دن تک ضرور نوش کرتے رہیں چلتا دریا گوند کی طرح جم جاتا ہے اور کمر درد بوجہ جریان کا نام ونشان ہی نہیں رہتا خزانہ منی پُر ہو جاتا ہے۔

نمبر۷

گوند کیکر کو کوٹ کر گھی میں بریاں کر کے چینی ملا کر ۶ ماشہ روز صبح کو ہمراہ کھانا مجرب علاج ہے۔ کوٹ کر پارچہ پنیر کر کے تین ماشہ صبح و تین ماشہ شام کو ایک رتی کشتہ چاندی یا قلعی یا سہ دھاتہ ملا کر دودھ کے ہمراہ ۴۰ دن کھانا جریان منی ندی کے واسطے مجرب ہے۔

نوٹ: جریان کے مریض خیالات کو پاک رکھیں۔ شہوت انگیز قصے نہ پڑھیں' نہ سنیں۔ زنانہ خوبصورت تصاویر نہ دیکھیں۔ آگ نہ سینکیں۔ جماع نہ کریں۔ ترش اشیاء نہ کھائیں۔ قبض نہ ہونے دیں' قبض اس مرض کی بڑی معاون ومددگار ہے۔ صبح کو ہر روز سرد پانی سے غسل کیا کریں تیل اور گڑ نہ کھائیں۔ رات کو گرم دودھ یا چائے نہ پیا کریں۔

حصہ دوسرا از نانہ اعضائے تناسل حیض وغیرہ

اندام نہانی

جماع کرنے کا وہ عضو ہے جو امعاء قولون (پاخانہ کی نالی کے سامنے اور مثانے پیشاب کی طرف) کے پیچھے اور کسی قدر نیچے واقع ہے یہ طول میں پانچ سے گیارہ انگل تک ہوتا ہے اسی میں پیشاب کا سوراخ اور بچہ دانی کا منہ کھلتا ہے۔

(۲) رحم یا بچہ دانی

یہ وہ عضو ہے جس میں مرد و عورت ہر دو کی منی منعقد ہو کر نطفہ قرار پاتا ہے جوں جوں جنین بڑھتا ہے، بچہ دانی بھی ساتھ ہی بڑی ہوتی جاتی ہے۔ بچہ پیدا ہونے کے بعد یہ سکڑ کر اپنی اصلی حالت پر آ جایا کرتی ہے۔ مرغی کے انڈے یا امرود سے اس کی شکل ملتی ہے اس کا ایک سوراخ تو اندام نہانی میں کھلتا ہے دوسرا وہ سوراخ جس کے رستہ سے عورت کی منی رحم تک پہنچتی ہے۔

خصیئے

مرد کی طرح عورت کے بھی دو خصیئے ہیں۔ جو وہی کا کام سرانجام دیتے ہیں۔ جو مرد کے عورت کا ہر ایک خصیہ ران اور پیٹ کے ملاپ والی (چڈھے) کے عین درمیان میں پیچھے کی طرف واقع ہے یعنی خصیئے منی پیدا کرتے ہیں۔ یہ مشہور ہے کہ عورت کی منی سر میں پیدا ہوتی ہے بالکل غلط ہے ہاں یہ ضرور ہے کہ منی کا عصبی حکمران دماغ ہے جہاں سے اول احکام جاری ہوتے ہیں۔

خون

جب لڑکی سن بلوغت کو پہنچتی ہے تو رحم کی دیواروں سے ایک قسم کا خون ملا سا پانی

خارج ہوتا ہے جو اس بات کی نشانی ہے کہ عورت اب حمل ٹھہرنے اور اولاد پیدا کرنے کے قابل ہو گئی ہے۔ یہ خون تندرست عورت کو ہر ماہ کے بعد تین پانچ یا سات دن تک آیا کرتا ہے۔ اس کا فائدہ یہ ہے کہ عورت کا مزاج اعتدال پر آ جاتا ہے اور جسم کے زہریلے مواد خارج ہو جاتے ہیں۔ یہ رحم کی صفائی کے لئے گویا قدرتی ماہواری جلاب ہے۔ اگر خون حیض دماغ کی طرف چڑھ جائے تو عورت کے دیوانے ہو جانے کا خطرہ ہے۔ اگر پھیپھڑوں پر اثر کرلے سل دق کا اندیشہ علیٰ ہذا سارے جسم کے واسطے مضر ہے اور عورت کے لئے اس ماہواری کا ہر ماہ باقاعدہ آنا تندرستی اور خوشی کی نشانی ہے جن عورتوں کو خون نہیں آتا یا درد سے رُک کر آتا ہے وہ بہت تکلیف اٹھاتی ہیں۔ اگر عورت کا حیض درست ہے تو سب کچھ درست ہے اگر حیض بے قاعدہ ہے تو اس سے بڑھ کر اس کے واسطے کوئی دکھ نہیں جب تک عورت کو خون حیض کھل کر نہ آئے کبھی نطفہ ٹھہر نہیں سکتا پہلے زمانہ میں حیض کو لوگ نہایت نجس تصور کیا کرتے تھے اور بعض کا یہ خیال ہے کہ چاند کی روشنی یا خاص قسم کے سیاروں کی گردش کے باعث عورت کو حیض آتا ہے۔ یاد رکھو کہ جب عورت اولاد پیدا کرنے کے قابل نہیں رہتی تو خون حیض کا آنا بھی بند ہو جاتا ہے اور رحم سکڑ جاتا ہے اور یہ بھی معلوم ہوا کہ جب عورت کو حمل ٹھہر جاتا ہے تو یہ خون بند ہو جاتا ہے اور جب تک بچہ کو دودھ پلاتی رہتی ہے۔ (عموماً دو برس تک) یہ خون بند ہی رہتا ہے اور حالت حمل میں جنین اس خون سے پرورش پاتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ہر ایک فرد بشر کو عمر میں ایک مرتبہ کم و بیش چیچک وغیرہ ضرور نکلا کرتی ہے۔ عورتیں حیض آنے کو کپڑے آنا، پھول آنا، سر پلید ہونے وغیرہ ناموں سے پکارا کرتی ہیں۔

عورتوں کی حیض کی بیماریاں

(۱) حیض کا بند ہو جانا۔

(۲) خون حیض کا تکلیف سے آنا۔

(۳) خون حیض کا بکثرت بہت زیادہ آنا۔

(۴) عورت کا جریان (سیلان الرحم یا سفید رطوبت) کا بہنا یہی آج کل کی کثیر الوقوع بیماریاں ہیں انہی کا تیر بہدف علاج درج کرتا ہوں۔

خون حیض کا بند ہو جانا

مجیٹھ، سوٹھ، ہلدی سونف، اجوائن، کلونجی تخم مولی تخم گاجر، تخم سویا، تخم میتھرا ہر ایک ایک تولہ لے کر معمولی کوٹ کر ایک سیر پانی میں پکائیں۔ جب آدھ سیر پانی رہ جائے تو اتار کر کپڑ چھان کر کے اور سرد کر کے قند سیاہ (پرانا گڑ) ملا کر عورت کو صبح کو پلا دیں ایسا ہی ایک نسخہ رات کو پلا دیں ان کے ہمراہ اکسیر حیض نمبر ۲ کی ایک ایک گولی کھلانا از حد مفید ہے اور کسی لوہے کے کڑاچھے میں تھوڑا سا گھی گرم کر کے قند سیاہ ملا دیں۔ بعدہٗ تھوڑا سا بہروزہ مشک ملا کر ایک جان کر کے ایک بتی یا گولی بنا کر عورت رحم کے منہ میں رکھے اور ایک بڑے دیگچے میں کیسو کے پھول خوب جوش دے کر ایک بڑے برتن آہنی ٹب بالٹی وغیرہ میں الٹا دیں۔ جب بدن برداشت کر سکے تو عورت پردہ دار جگہ میں ننگی ہو کر بیٹھ جائے۔ اس طرح کہ وہ پانی عورت کی ناف کے اوپر تک رہے کوئی ۱۵ منٹ تک بیٹھی رہے اور اپنے پیٹ کی نرمی سے اپنے ہاتھ سے مالش کرتی رہے۔ اگر وہی پھول جوش دے کر رات کو پیٹ پر باندھے رکھے تو بہت بہتر ہے۔) اور حنظل (تمہ) کے گودہ اندرونی جسم کی عورت اندام نہانی میں دُھونی لے۔ مصالحہ دار غذا کھائے۔ چائے قہوہ نوش کرے گرم اشیاء کھائے سرد چیزوں سے پرہیز کریں سرزمین پر ننگے پاؤں نہ چلے سرد پانی سے منہ ہاتھ وغیرہ نہ دھوئے ہاتھ پاؤں میں جرابیں پہنے بدن گرم رکھے پیٹ پر گرم پانی کی بوتل یا مٹی کے گرم ڈھیلے یا جوان کی گرم پوٹلی سے سنیک کرتی رہے خواہ کسی باعث سے حیض ہو گیا ہو ایک دو دن حد چار پانچ روز تک ضرور خدا کے حکم سے حیض کی گرہ کھل جاتی ہے یہ کئی مرتبہ کا آزمودہ ہے ایک بات کا خیال رہے کہ اگر لڑکی کنواری ہے۔ حیض بند کی تکلیف معلوم کرتی ہے تو دیکھ لیا جائے کہ بکارت کی جھلی پھٹی ہے کہ نہیں تو دار سے بذریعہ نشتر چیر ڈالیں۔

خون حیض کا تکلیف سے آنا

ایام حیض میں جو عورت مضرات مذکورہ سے پرہیز نہیں کرتی سرد اشیاء کھالیتی ہے سرد پانی سے ہاتھ منہ دھولیا یا سرد پانی سے غسل کرلیا۔ یا گوشت کھالیا وغیرہ اس کو ضرور یہ مرض ہو جاتی ہے خون جم کر تھتھے بن جاتا ہے اس کا مجرب علاج اکسیر حیض نمبر۲ ہے۔

اکسیر حیض نمبر۲

سوہاگہ ایک تولہ' ہینگ ٦ ماشہ' کشتہ فولاد ٦ ماشہ' ان کو ملا کر دو دو رتی کی گولیاں بنائیں جب عورت کے حیض کے دن قریب آجائیں تو دو چار روز پہلے سے صبح کو دو گولیاں اور رات کو سوتے وقت دو گولیاں گرم پانی کے گھونٹ کے ہمراہ کھلا دیا کریں اس مرتبہ حیض کھل کر آجائے گا دو تین ماہ تو ایسا ہی کریں۔ بعد اگر عورت نے پرہیز رکھا تو بغیر دوا کے بافراغت آجایا کرے گا اور جسم کندن کی طرح رہے گا۔

اکسیر حیض نمبر۳

پرمنگنیٹ آف پوٹاش کو باریک پیس کر گوند کے ہمراہ ایک ایک رتی کی گولیاں بنا دیں اور ہر چار گھنٹہ کے بعد ایک ایک گولی عورت کو حیض میں حیض آنے کے ایک دو دن پہلے کھلاتے رہیں۔ حیض کھل کر آئے گا۔

مدر حیض نمبر۴ (ڈاکٹری)

آیوڈوفام ا ماشہ' سوڈا ایسلی سلاس ۳ ماشہ' سوہاگہ ۳ ماشہ کی ترکیب بالا کے مطابق گولیاں بنا کر عورت کو کھلائیں خون حیض بافراغت آجائے گا۔

مدر حیض نمبر۵ (ڈاکٹری)

سلفیٹ آف آئرن ایک گرین' فیری ایٹ کونین سٹراس ایک گرین پے کے کو آنا

ایک گرین ان کو ملا کر ایک گولی بنا دیں۔ ایک گولی حیض شروع ہونے کے دو گھنٹہ بعد کھلائیں اور تین گھنٹہ کے بعد ایک گولی اور کھلائیں۔ نہایت مؤثر ہے۔

ہدایات: اکسیر حیض نمبر ۱ کا عمل اگر عورت کو کرایا جائے تو بہترین علاج ہے۔ نیز اگر عورت کو تیز جلاب کرایا جائے تو وہ بھی بہت موثر ہوا کرتا ہے۔

خون حیض کا بکثرت آنا

یہ خون درحقیقت بدن کا اصلی خون ہوتا ہے کہ جس پر زندگی کا دارومدار ہوتا ہے۔ حیض کا خون سرخ پانی ملا سا ہوتا ہے اور یہ خالص سرخ خون عورت دن بدن کمزور ہو جاتی ہے۔ رنگ زرد کمر درد بدن کا چرخہ ڈھیلا ہو جاتا ہے۔ بعض دفعہ رحم اور اندام نہانی باہر نکلے آتے ہیں۔ یہ مرض ایام حیض کی بد پرہیز جلق (چپٹی کھیلنا' حمل کے بار بار گر جانے سے رحم یا خصیوں میں سوزش ہونے یا رحم کے اندر زخم ہونے کے باعث سے ہو جایا کرتا ہے۔

سفوف شفا

مرض بالا کا خون بند کرتا ہے پسپال چھلکا انار ایک تولہ پھول انار ۶ ماشہ' مازو ۶ ماشہ' طباشیر ۶ ماشہ' حب آلاس ۶ ماشہ سب کو باریک کوٹ کر پارچہ پنیر کر کے ہم وزن مصری ملائیں۔ ۳ ماشہ صبح کو اور ۳ ماشہ شام کو ایک رتی کشتہ ہڑتال ملا کر شربت خشخاش کے ہمراہ کھا لیا کریں۔ چند دنوں تک عورت کو حرکت کرنے (چلنے پھرنے) سے باز رکھیں۔ سیڑھی پر نہ چڑھے مصالحہ دار سالن نہ کھائے برف والے پانی میں کپڑے کی پٹی تر کر کے بار بار پیٹ پر رکھتی رہے برف اور صندل شربت کا استعمال رکھے غذا ہلکی زود ہضم عورت سرد پانی کی پچکاری اندام نہانی میں کر لے جب خون بند ہو جائے تو کئی دن بعد تک دوا کھاتی رہے مرد سے ہم بستر نہ ہو۔ ہوا خوری کرتی رہے' شفاء ہو گی۔

ہدایات: اگر حمل کی حالت میں یا حمل خام گر جانے کے باعث خون بکثرت آ رہا ہو تو یہی نسخہ از بس مفید ہوا کرتا ہے۔

عورت کا جریان

یہ مرض عورت کے واسطے ایسا ہی ہے جس طرح مرد کے لئے جریان' کثرت مباشرت سوزش رحم وغیرہ کے باعث یہ مرض ہو جاتا ہے۔ اندام نہانی سے سفید پانی اٹھتے بیٹھے بہتا رہتا ہے۔ عورت غایت درجہ کی کمزور ہو جاتی ہے یہ مرض عورت کو اس طرح کھا جاتا ہے جس طرح دیمک لکڑی کو اس کا مجرب علاج سفوف سیلان ہے۔

سفوف سیلان

سپاری دکھنی ۳ تولہ' سنگھاڑا کا آٹا ۳ تولہ' طباشیر ۶ ماشہ' گوند کیکر ۲ ماشہ' گوند کتیرا ایک تولہ' کمرکس ۲ تولہ' انار کا پھول ۲ تولہ' کو باریک کوٹ کر نصف وزن کے برابر مصری باریک کردہ ملا کر ۶ ماشہ صبح اور ۶ ماشہ شام کو ایک ایک رتی کشتہ قلعی ملا کر شربت صندل کے ہمراہ کھلاتے رہیں۔ چند دنوں میں شفا ہو گی جماع مصالحہ دار گرم غذا ترش اشیاء سے پرہیز اور درخت انار کی چھال اور درخت کیکر کی چھال کو پانی میں خوب جوش دے کر عورت رحم میں پچکاری کے ذریعے پہنچائے۔ دو وقت یہ پچکاری کرے۔ اگر جلق کی عادت ہے تو باز آجائے۔

پچکاری دیگری

پھٹکری ۳ ماشہ' سلفیٹ آف زنک (جست کا ست) ۳ رتی ایسی ٹی ایٹ آف لیڈر سکہ کا ست ۲ رتی ایک سیر پانی میں حل کر کے اندام نہانی میں عورت پچکاری کرے جب مرض سے شفا حاصل ہو جائے تو بلاڈس آئرن ٹانک پلز لوہے کی ولائتی بنی بنائی گولیاں ۲ گولی صبح کو اور دو رات کو غذا کے بعد ایک گھنٹہ دودھ کے ہمراہ کھلاتے رہیں اس سے کمزوری دور اور چہرہ کی زردی کافور ہو جائے گی۔ بعض لوگ عورتوں کو حیض کے بعد بھی یہی گولیاں کھلا کرتے ہیں۔

آسانی ولادت

یوں تو ہر ایک حاملہ عورت بچہ جننے کے وقت شدید درجہ کی درد برداشت کر کے گویا دوبارہ جنم لیتی ہے۔ لیکن بعض عورت کو بدقسمتی سے اتنی دیر اور تنگی لگ جاتی ہے کہ عورت قریب المرگ ہو جاتی ہے جب عورت کو چوبیس گھنٹہ (دردزہ) کو گذر جائیں تو اس مجرب نسخہ کے دینے سے بچہ جلد خروج پاتا ہے۔ میں نے خود پانچ پانچ روپے اس دوائی کے کئی اشخاص سے لئے عرق مشکل کشا ایک چھٹانک پانی میں ۳ رتی بھر کلورل ہائیڈریٹ ایک انگریزی دوا حل کر کے عورت کو پلائیں۔ اس سے درد کی تکلیف دینے والی لہریں موقوف ہو جاتی ہیں۔ اور بچہ کو باہر خارج کرنے میں بہت مدد ملتی ہے۔ اگر ضرورت ہو تو گھنٹہ کے بعد پھر ایسی خوراک پلائیں' نہایت مجرب ہے۔ اگر ارگٹ (انگریزی دوائی) قلیل مقدار میں ملائیں تو دوگنا اثر ہو جاتا ہے۔

لیکن یاد رہے کہ اگر رحم میں جنین مر گیا ہے اس کی علامت یہ ہے کہ جنین پیٹ میں کروٹ بدلنے سے ایک طرف کو گر جاتا ہے تو سانپ کی کینچل کی دھونی کسی بانس یا لوہے کی نلکی کے ذریعہ عورت اندام نہانی میں پہنچائے یا شہد میں حنظل تمہ کی جڑ باریک کردہ ملا کر عورت اپنے مقام مخصوص میں لیپ کرے حیض جاری کرنے کا نسخہ پلائیں تو مردہ بچہ فوراً باہر خروج پائے گا۔

دوائے عزت

نوجوان ناشادی شدہ لڑکیوں یا لڑکوں کو جلق کی عادت والوں کو یا احتلام والوں کو اگر پوٹاسی برومائیڈ انگریزی دوا چار رتی کے قریب دو تولہ پانی میں حل کر کے دن میں دو تین مرتبہ پلا دی جائے تو جوش جوانی عارضی طور پر دبا رہتا ہے جلق کی عادت چھوٹ جاتی ہے۔ اور رات کو احتلام نہیں ہوتا۔ ان فوائد کے لئے غذا سادہ کھائیں۔ چائے' قہوہ اشیاء گرم و حرکات سے پرہیز کریں خیالات کو حرص و ہوا سے پاک رکھیں۔

حمل کا گر جانا

ایک طرف زنا کرنے والے جوڑے بندش حمل یا حمل گرادینے کی میں لگے رہتے ہیں۔ (جو سراسر خلاف قانون قدرت ہے) تو دوسری طرف اولاد طلب یہ کوشش کرتے ہیں کہ کسی طرح خام حمل نہ گرے اور ہم صاحب اولاد بن جائیں ان کی خاطر مجرب نسخہ محافظ حمل ہے کستوری ۲ تولہ' کچور ۲ تولہ' ہینگ تین ماشہ' طباشیر ا تولہ' برگ مہندی ا تولہ' منڈی ا تولہ' موتی ناسفتہ ۳ ماشہ' پہلے موتیوں کو روح کیوڑہ یا گلاب میں کھرل کر کے خوب باریک کریں بعدہ' کستوری ملا کر کھرل کریں باقی ادویات باریک کردہ ملا کر گوند کے پانی کے ہمراہ گولیاں چنے کے برابر بنائیں ایک گولی صبح اور ایک شام کو حاملہ عورت پانی کے ہمراہ کھاتی رہے حمل نہ گرے گا یہ آزمودہ نسخہ ہے ایسی عورت سے جس کا حمل خام گر جاتا ہو حمل ہو جانے کے بعد جماع قطعی بند رکھیں طاقتور مصالحہ دار غذا کھلائیں۔ ہوا خوری کرائیں غم و فکر سے بچائیں۔

حصہ تیسرا...... سوزاک

سوزاک ایک زخم کا نام ہے جو مرد کے قضیب کے کسی حصہ یا مثانہ میں یا عورت کی اندام نہانی کے لب اور بعض اوقات بچہ دانی کے اندر تک ہو جاتا ہے۔ پیشاب کی نالی نہایت تنگ ہو جاتی ہے اور پیشاب لگ لگ کر ایسی درد سے آتا ہے کہ مریض چلا اٹھتا ہے بعد میں پیپ اور خون آنا شروع ہو جاتا ہے۔ سوزاک عموماً بازاری عورتوں سے مباشرت کرنے سے ہو جاتا ہے۔ ان کی اندام نہانی میں جماع کے بعد کی رطوبتیں متعفن ہو کر سوزش پیدا کرتی ہیں جس کا باعث ٹھیک طور پر صفائی کا نہ رکھنا ہے۔ دیکھو یہ عورت عجب قسم کے دوکاندار ہوتی ہیں اور خریدار بھی نرالے کہ جیب سے روپیہ دے کر قیمتاً سوزاک اور آتشک کی ڈگریاں خریدتے ہیں علاج اسی طرح کیا جاتا ہے۔ کہ اگر زخم قضیب میں ہوئے

تو صرف پچکاری کی دوا کافی ہوتی ہے اور اگر زخم مثانہ وغیرہ میں ہو تو کھانے کی دوا سے آرام ہو جاتا ہے۔

علاج سوزاک

سب سے پہلے مریض کو قلعی کو قلمی شورہ ۱ ماشہ جوکھار ماشہ' دانہ الائچی خورد ۳ ماشہ کو باریک کوٹ کر دودھ کی خام چھاچھ (لسی) کے ہمراہ کھائیں اوپر سے چھاچھ بکثرت پیتے رہیں۔ پیشاب کھل کھل کر آئے گا۔ اگر درد بہت زیادہ ہو اور قضیب کو ورم ہو گیا ہو لیڈ لوشن (انگریزی دوائی) میں کپڑا تر کر کے قضیب کے گرد لپیٹ دیں یا نیم کے پتوں کا ابلا ہوا پانی استعمال کریں یا پوست خشخاش کی ٹکور کریں اور بعد اس کے پیشاب کی رکاوٹ دور ہونے کے بعد مندرجہ ذیل مجرب نسخہ جات سے کوئی ایک مریض کو کھلاتے رہین۔ مریض کو گرم اشیاء سے پرہیز کرائیں غذا ڈبل روٹی دودھ چاول دال' مونگ (جس میں نمک کم ملا ہو) وغیرہ ہلکی زود ہضم۔

اکسیر سوزاک نمبر ۱

گندہ بیروزہ ۲ تولہ' سلاجیت ۱ تولہ' گلو کا آٹا ایک تولہ' دانہ چھوٹی الائچی ۶ ماشہ' لوبان (کوڑیہ) ۶ ماشہ کشتہ قلعی ۶ ماشہ' سب کو کوٹ کر آپس میں ملا کر بہیدانہ یا اسبغول کے لعاب میں چنے کے برابر گولیاں باندھیں دو گولیاں صبح اور شام کو چھاچھ کے ہمراہ گیارہ دن تک کھاتے رہیں سینکڑوں مریض ان گولیوں سے تندرست ہو گئے۔

اکسیر سوزاک نمبر ۲

ہالیول ۱ تولہ کا کنج چھ ماشہ آرد گلو ۶ ماشہ کتھ سفید ۱ تولہ دانہ الائچی چھوٹی ۶ ماشہ' پھٹکری سوختہ ۳ ماشہ' سوہاگہ سوختہ ۳ ماشہ' سنگ یہود سوختہ ۶ ماشہ' کشتہ قلعی ۳ ماشہ' کشتہ سکہ ۳ ماشہ' قلعی شورہ ۶ ماشہ سب کو کوٹ کر باہم ملا کر چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔ دو گولی صبح دو شام تا صحت کھاتے رہیں۔

دافع سوزاک نمبر ۳

اولیم کوپے مار ایک انگریزی تیل کے چار پانچ قطرے پتاشہ پر ڈال کر صبح اور شام کو تا صحت کھلاتے رہیں، بہت مفید ہے۔

نسخہ ڈاکٹری دافع سوزاک نمبر ۴

سوڈا بائی کارب ۱۰ گرین، پوٹاسی ٹارٹار ایسڈ ۱۰ گرین، آیوڈائیڈ آف پوٹاشیم پانچ گرین، ٹائٹریٹ آف پوٹاش دس گرین۔ ان سب کو ایک چھٹانک پانی میں حل کر کے نوش کریں۔ ایسی تین خوراکیں دن بھر میں تا صحت کھاتے رہیں۔

اکسیر سوزاک نمبر ۵

گندہ بیروزہ دس تولہ، کباب چینی ۵ تولہ، تخم سرس (شہرس) ۲ تولہ، تخم کپاس ۳ تولہ، رال سفید ایک تولہ، دانہ الائچی خورد ایک تولہ۔ سب کو باریک پیس کر گولیاں بنا کر تپال جنتر کے ذریعے تیل نکالیں۔ تین چار قطرے پتاشہ میں ڈال کر دو وقت کھاتے رہیں، بہت مفید ہے۔

نسخہ دافع سوزاک نمبر ۶

زخم حیات بوٹی کو گھوٹ کر پلائیں۔ سوزاک دور ہو گا۔ سات دن تک ایک ایک چھٹانک بوٹی گھوٹ کر۔

نسخہ جات پچکاری نمبر ۱

کاربالک ایسڈ ۱ ماشہ، سولیوشن آف سب ایسی ٹیوٹ آف لڈا ماشہ پانی تین چھٹانک سب کو ملا کر دو وقت پچکاری کیا کریں۔

(۲) پوٹاسی پرمیگنیٹ ایک ماشہ پانی دو چھٹانک

(۳) زنک سلفاس ارتی پانی ۲/ ۱ چھٹا نک

(۴) سلفیٹ آف زنک ۳ گرین افیون ۱ گرین پانی ۲/ ۱ چھٹا نک

(۵) نائیٹریٹ آف کاپر ارتی صاف ایک چھٹا نک

(۶) کافور ا ماشہ' کتھہ ا ماشہ' رسوت ۳ ماشہ آیوڈو فارم ۴ رتی رات کو ایک پاؤ پانی میں سب کو بھگو کر صبح کو کپڑ چھان کر کے پچکاری کریں۔

(۷) کلورائڈ آف آئرن پانچ قطرے سے صاف پانی دو چھٹا نک۔

(۸) کلورائڈ آف زنک ۴ گرین صاف پانی ۲/ ۱ چھٹا نک۔

حصہ چہارم......آتشک

یہ کوئی ایسی مرض تو نہیں ہے۔ جو چھپانے سے چھپ جائے یہ بھی سوزاک کی طرح ایک سے دوسرے کو جماع کرنے سے لگ جاتا ہے عموماً زانی مرد اور بازاری ڈکیہ عورتیں اس مرض میں مبتلا ہوتی ہیں اس کی دو قسمیں ہیں نرآتشک اور مادی آتشک نرآتشک کا اثر قضیب ہی پر ہوتا ہے۔ خون میں داخل نہیں کرتا مادی آتشک تو خدا کی پناہ بڑی تکلیف دیتا ہے۔ اس کا زہر خون میں سرایت کر کے ہڈیوں تک کو نقصان پہنچاتا ہے اور کئی پشت اس کا اثر برابر چلا جاتا ہے۔ اگر آتشک بگڑ جائے تو جذام (کوڑھ) ہو جاتا ہے' صورت مسخ ہو جاتی ہے کوئی پاس بیٹھنے نہیں دیتا سب عیاشی اور بازاری زنا کے کرشمے ہیں۔ اچھا اور ہماری مہربان گورنمنٹ اپنی وفاداری رعایا پر رحم کر کے آتشک اور آتشک فروشی کی دو کانیں حکماء بند کر دے یہ مرض مغربی ممالک کی سوغات ہے اس واسطے اس کو آبلہ فرنگ یا باد فرنگ کے نام سے نیز بڑی گرمی کے نام سے پکارتے ہیں۔

نرآتشک

جماع کرنے کے بعد قضیب پر مواد لگ کر ۲۴ گھنٹہ کے اندر اندر جگہ سرخ ہو جاتی

ہے دو چار دنوں کے بعد ورم ہو کر ایک پھنسی سی ہو جاتی ہے۔ جس کے کنارے سرخ ہوتے ہیں اور درمیان سے سیاہی مائل ہوتی ہے پانچویں چھٹے دن اس میں پیپ پڑ کر زخم ہو جاتا ہے۔

علاج آتشک

نر آتشک کا علاج کچھ مشکل نہیں ہے۔ عضو کے صفائی کی خیال رکھیں اور نیم کے جوشاندہ سے زخم کر دھو کر اوپر زنک آئنٹمنٹ (جست کی مرہم ڈاکٹری) لگا کر پٹی باندھ دیں یا آیوڈوفارم چھڑک پٹی باندھ دیا کریں اور احتیاطاً عرق عشبہ خون کی صفائی کے لئے پیتے رہیں۔

مادی آتشک

جب نر آتشک کا علاج پورا نہ کیا جائے اور بعض ۲۰ روز اور بعض کو اس سے زیادہ دن مادہ دو ماہ تک یہ آتشک دی صورت اختیار کر لیتا ہے اس کا زہر خون میں داخل ہو کر بدن میں داخل ہو کر بدن کے ہر رگ وریشہ ہڈیوں میں سرایت کر جاتا ہے۔ جلد اور ہڈیوں میں گہری زخم ہو جاتے ہیں جسم پر شبورات خورد وکلاں سوزش دار نکل آتے ہیں عضو تناسل اُبلے ہوئے شکر قند کی طرح ہو جاتا ہے۔ اب مکھیاں اُڑایا کرو اور زنا کی لذت کو یاد کرو کہ یہی آتشک ہے جو علاج کے بعد بھی اپنے باقیماندہ اثر سے وراثتاً چلا جاتا ہے۔

اکسیر آتشک نمبر ا

یاد رہے کہ پارہ، رسکپور، دار چکنا وغیرہ سے مریض کو ایسا منہ آ جاتا ہے کہ دل گھبرا گھبرا کر مریض قریب المرگ ہو جاتا ہے۔ میں اُن کو ناقص اور واہیات خیال کرتا ہوں اور ایک ایسا نسخہ لکھ دیتا ہوں جو بالکل بے خطا اور نہایت مجرب ہے۔ وہ یہ ہے کہ بیس سیر گائے کے دودھ میں عشبہ ایک پاؤ، چوب چینی آدھا پاؤ، شاہترہ ایک پاؤ، چرائتہ ایک پاؤ، سنا مکی ایک پاؤ، بنفشہ ایک چھٹانک، گلاب کے پھول آدھا پاؤ ملا کر کسی عطار سے عرق کشید کرا لیں۔ ہر

روز دس تولہ عرق صبح کو نہار تا صحت نوش کیا کریں۔ دو اجابت ہر روز ہوا کریں گی اور زہر آتشک خارج ہو جائے گا۔ غذا صبح کو اسہال آنے کے بعد چاول بے نمک دیں اور رات کو دال مونگ قدرے نمک ملا کر چاول یا روٹی گھی سے چپڑی ہوئی۔

اکسیر آتشک نمبر ۲

کشتہ سنکھیا ترکیب آگے درج ہوگی ایک چاول بھر دو تولہ مکھن کے ہمراہ صبح کو ایک پڑیا قدرے مربہ پیٹھا کھا کر اوپر سے کھالیا کریں۔ اگر ضرورت ہو تو اس کے کھانے سے پہلے جلاب لینا از حد مفید ہے اس سے بیسیوں مریض تندرست ہو گئے۔

نسخہ ڈاکٹری نمبر ۳:

ڈیکاکشن سارساپریلا ایک اونس اڑھائی تولہ' آیوڈائڈ آف پوتاس ۵ گرین' ٹنکچر سٹیل ۵ بوند ملا کر ایسی ایک خوراک دن بھر میں تین مرتبہ استعمال کرائیں۔

نسخہ نمبر ۴:

سوڈیم آیوڈائڈ ۵ ڈرام' ایمونیم آیوڈائڈ ۲ ڈرام' آیوڈائڈ آف پوٹاس ۲ ڈرام' سولیوشن آف آرسنک ۲ ڈرام' ٹنکچر سنکونا کمپونڈ ڈرام کمپونڈ سولیوشن آف سارساپریلا دو اونس کسی ڈاکٹر سے بنوا کر ۴ ڈرام صبح اور ۴ ڈرام شام کو نوش کراتے رہیں۔

نسخہ مرہم نمبر ۵:

زخم پر خواہ وہی نر آتشک والی مرہم خواہ یہ مرہم لگاتے رہیں۔ پارہ ایک تولہ زرد موم ایک تولہ میٹھا تیل ۶ ماشہ پان کے پتوں کا پانی حسب ضرورت سب کو اس قدر کھرل کریں کہ پارہ بالکل بے چمک ہو جائے صبح و شام زخم پر لگائیں۔ خدا شفا دے گا' مجرب ہے۔

حصہ پنجم ...... کارآمد مجربات

صرف ایک شیشی کا خضاب سلور نائٹریٹ جس کا دوسرا نام ارجنٹائی نائٹراس ہے۔

چھ ماشہ نکل سلفیٹ ۳ رتی۔ ترکیب اس طرح کہ ایک نہایت صاف و چمکدار کھرل میں ہر دو

ادویہ مذکورہ ڈال کر ایک چھٹانک مقطر پانی میں حل کریں بعدہٗ سٹرانگ سولیوشن آف ایمونیا قطرہ قطرہ کر کے اس حل شدہ میں ڈالتے جائیں یہاں تک کہ جو تلچھٹ اس میں تہ نشین ہوا ہو وہ سب حل ہو جائیں۔ اب اس میں ایک چھٹانک پانی مقطر اور ملا لیں اور خوب ہلا کر یکذات کریں بس خضاب تیار ہوگیا کسی صاف بوتل میں بھر کر محفوظ کر لیں۔

ترکیب استعمال

پہلے ڈاڑھی کو سوڈا و صابن وغیرہ سے دھو کر بالوں کو چکناہٹ و گرد و غبار سے صاف کر کے خشک کریں جب بال خشک ہو جائیں تو چینی کے برتن میں تھوڑا سا خضاب ڈال کر خواہ برش سے یا کنگھی سے سفید بالوں پر لگائیں۔

متعلق خضاب

(۱) سلور نائٹریٹ وغیرہ سے دوائیں انگریزی دوا فروشوں سے مل سکتی ہیں۔ جو اشتہاری دوا فروش دعویٰ کرتے ہیں۔ ہمارا خضاب مہندی اور وسمہ کا جوہر ہے وہ بالکل کاذب اور دھوکہ باز ہیں تمام خضاب یہی ہندوستان بھر میں فروخت ہو رہے ہیں وہ سب انہی ادویات مذکورہ سے باختلاف تراکیب تیار کئے جاتے ہیں۔

(۲) اگر خضاب خوشبودار بنانا چاہیں کوئی خوشبودار روح یا عرق مثل روح گلاب روح کیوڑہ روح بید مشک یا عرق گلاب وغیرہ بجائے پانی استعمال میں لائیں۔

(۳) اگر پانی مقطر نہ ہوگا یعنی کشید نہ کیا تو خضاب عمدہ چند دنوں میں خاص کر موسم گرما میں بہت جلد بدبودار اور خراب ہو جاتا ہے۔

(۴) خضاب تیار کرتے وقت انگلی سے حل نہ کریں بلکہ لکڑی حل کریں۔

دو شیشی کا خضاب نمبر ۲

(۱) پاسیرو گیلک ایسڈ ۱۵ رتی، سوڈا سلفاس پانچ رتی سپرٹ ریکٹی فائڈ ایک تولہ و چار ماشہ ان سب کو ایک چھٹانک صاف پانی میں خوب حل کر کے ایک شیشی میں بھر کر

ڈاٹ سے منہ بند کر کے شیشی میں ایک لیبل بہ نشان نمبرا لگائیں۔

(۲) سلور نائٹریٹ چار ماشہ کو ایک چھٹانک صاف پانی میں حل کر کے بہ ترکیب خضاب نمبرا سولیوشن ایمونیا سٹرانگ کے قطرے ڈال کر حل کرتے جائیں۔ یہاں تک کہ تہ نشین سب حل ہو جائے پھر اس میں ایک چھٹانک صاف پانی اور ملا کر کسی دوسری شیشی میں بھر کر نمبر۲ کا نشان لگا لیں۔ بطریق بالا پہلے نمبرا، شیشی کا عرق لگا لیں پانچ منٹ بعد نمبر۲ لگا لیں۔ سفید بال نہایت سیاہ ہو جائیں گے۔

دو شیشی کا خضاب نمبر۳

(۱) لیسڈ پاسٹرو گیلک ۳۰ گرین سوڈا بائی میٹا سلفیٹ ۱۰ گرین کو صاف پانی ایک چھٹانک میں حل کر کے بطریق خضاب نمبر۲ ایک شیشی میں بھر کر ڈاٹ سے منہ بند کر کے نمبر ایک کا نشان لگا دیں۔

(۲) ارجنٹائی نائٹراس ۱۰ گرین کو ایک چھٹانک پانی میں بطریق بالا حل کر کے کائیکر ایمونیا فارٹس کے قطرے ملا کر خوب حل کریں یہاں تک تہ نشین بھی حل ہو جائے۔ پھر ایک چھٹانک اور پانی ملا کر دوسری شیشی میں بھر کر نشان نمبر۲ لگا لیں اور طریق مذکور یکے بعد دیگرے استعمال میں لائیں۔

تین شیشی کا خضاب نمبر۴

شیشی نمبرا پاسرو گیلک ایسڈ ۱۲ گرین ریکٹی فانڈ سپرٹ ۴ ڈرام صاف پانی اڈرام میں حل کر لیں۔

شیشی نمبر۲ ارجنٹائی نائٹراس ۲۰ گرین صاف پانی دو اونس سولیوشن ایمونیا سٹرانگ حسب ضرورت بطریق مذکور حل کر لیں۔

شیشی نمبر۳ سوڈیم ہائپو فاسفیٹ ۶ گرین صاف پانی کے اونس میں حل کر لیں۔

ترکیب استعمال:

پہلے سفید بالوں پر شیشی نمبرا کا عرق لگائیں پانچ منٹ بعد نمبر ۲ کا پھر دس منٹ بعد نمبر۳ کا ڈاڑھی سیاہ ہو جائے گا۔

خضاب نمبر ۵:

ٹارٹرک ایسڈ ۱۵ گرین کو ایک سو قطرہ صاف پانی میں حل کریں اور اس میں ۲۳ گرین کرسٹلائزڈ نائٹریٹ آف بسمتھ ملا کر ایک پاینٹ پانی میں ڈالیں ان سب کو پانی میں ملا کر فلٹر کریں اور اس قدر دھوئیں کہ اس کی تیزابی کیفیت جاتی رہے۔ پھر اس میں دو ڈرام سٹرانگ سولیوشن آف ایمونیا ملا کر حل کریں۔ پھر اس میں بیس قطرے گلیرین اور ہائپو سلفیٹ آف سوڈیم ۷۵ گرین ملا کر اس قدر صاف پانی اور ملائیں کہ مجموعہ چار اونس ہو جائے یہ خضاب بلا رنگ و بو کا تیار ہو جائے گا۔

دو شیشی کا خضاب نمبر ۶

شیشی نمبرا نائٹریٹ آف سلور ۸ گرین آپ مقطر دو اونس شیشی نمبر ۲ سلفورٹیڈ پوٹاس ۴ ڈرام آب صاف چار انس علیحدہ علیحدہ حل کر کے پہلے نمبر لگائیں۔ پانچ منٹ بعد نمبر ۲ بال سیاہ ہو جائیں گے۔

دو شیشی کا خضاب نمبر ۷

پاسیرو گیلک ایسڈ دو ڈرام، رکٹی فائڈ سپرٹ ۲۰ اونس آپ مقطر ۱۰ اونس ۲ سلور فاسٹریٹ دو ڈرام، آب صاف ۴ ڈرام سولیوشن ایمونیا سٹرانگ حسب ضرورت سے حل کر کے بطریق بالا کام میں لائیں۔

دو شیشی کا خضاب نمبر ۸

ایسڈ ایک اونس پاسیرو گیلک ایسڈ ایک اونس لائیکر ایمونیا ۸ اونس صاف پانی ۱۲

اونس حل کر کے بوتل میں بھر لیں ارجنٹائی نائیٹراس ایک اونس پانی معطر ۲۴ اونس حل کریں یہ ترکیب بالا استعمال کریں۔

خضاب نمبر ۹

پرلسڈ یڈیڈ سلفر ۲۰ گرین ایسی ٹیٹ آف لد ۶۰ گرین گلیسرین ایک اونس روغن لیموں بیس قطرے اول گندھک اور ایسی ٹیٹ آف لڈ کو خوب کھرل کرو کہ یکذات ہو جائے پھر آٹھ اونس پانی مقطر میں حل کریں اور روغن لیموں بھی ملا کر رکھ چھوڑ یئے۔

بال اُڑانے کا پوڈر

پوڈر کسی انگریزی دوا فروش سے ایک چھٹانک بیرم سلفائیڈ سے لیجئے۔ اس میدہ گندم یا نشاستہ تین چھٹانک باریک کر کے باہم یک ذات کر دیں بس پوڈر تیار ہو گیا ہے اسی نسبت سے سیروں پوڈر جھٹ پٹ بن جاتا ہے ترکیب استعمال یوں ہے کہ تھوڑا سا پوڈر لے کر پانی میں حل کر لیں بہت گاڑھا بھی نہ ہو اور بالکل پانی کی طرح بھی نہ ہو بالوں پر لگا کر انگلی سے ذرا رگڑیں۔ پانچ منٹ کے بعد جب بال اُڑتے ہوئے دکھائی دیں فوراً ایک کوزہ پانی کا اوپر بہائیں، تمام بال زرد ہو کر جلد ملائم اور صاف ہو جائے گی۔ مرد عورت دونوں کے لئے کار آمد ہے۔

بال اُڑانے کا پوڈر نمبر ۲

تیز چونہ ایک سو گرین سلفائڈ آف سوڈیم ۳۰ گرین سفوف نشاستہ دو ڈرام اول پہلی دو اشیاء کو خوب کھرل کریں پھر نشاستہ ملائیں۔ حسب معمول پانی میں گھول کر تین منٹ تک بالوں پر لگا دیں بعد ازاں اوپر پانی بہاؤ جلد صاف ہو جائے گی۔

بال اڑانے کا عرق

ایک کڑاہی میں پانچ چھٹانک پانی میں عرق گلاب اور ایک چھٹانک بیرم سلفائڈ ملا

کر کڑاہی کو دیگدان پر رکھ کر نیچے آگ جلا کر دو تین جوش دے کر کڑاہی کو نیچے اتار لیں اور لکڑی سے ۱۵ منٹ تک ہلاتے رہیں۔ پھر کڑاہی کو سرد ہونے دیں۔ فضلہ تہ نشین ہو جائے گا اور اوپر سے عرق بر نگ زرد نتھار لیں۔ یہی بال اُڑانے کا عرق ہے روئی سے بالوں پر لگائیں۔ جب بال اُڑ جائیں اوپر سے پانی بہائیں جلد صاف ہو جائے گی عموماً تین چار منٹ میں بال اُڑ جاتے ہیں۔

بال اُڑانے کا اصلی صابن

ایک پاؤ پانی میں نصف چھٹانک سوڈا کاسٹک اور نصف چھٹانک بیرم سلفائڈ ملا کر رات بھر بھیگا رہنے دیں رات کو ایک دو مرتبہ لکڑی سے ہلا دیا کریں صبح کو پانی نتھار کر الگ رکھیں ادھر میٹھا تیل دو چھٹانک میں نتھارا ہوا پانی تھوڑا تھوڑا ملاتے جائیں اور ساتھ ہی لکڑی سے ہلاتے جائیں حتیٰ کہ وہ تمام پانی خرچ ہو جائے اب وہ تیل نہات گاڑھا ہو جائے گا۔ اور اس کو جس برتن میں ڈالیں گے اسی کی شکل اختیار کرے گا۔ خشک ہونے تک انتظار کریں عندالحاجت بالوں کو پانی سے تر کر کے اوپر صابن کی ٹکیہ رگڑیں۔ پانچ سات منٹ میں بالوں کو بلا تکلیف اڑا دیتا ہے جن اشخاص نے صابن کے چورہ میں بیرم سلفائڈ صرف کر کر بال اڑانے کا صابن بنانا بتلایا ہے۔ انہوں نے ناواقف پبلک کو گمراہ کیا ہے۔

دیسی صابن کی آسان ترکیب

سوڈا کاسٹک ایک سیر لیں، کسی برتن میں تین چار سیر پانی ڈال کر اس میں سوڈا کاسٹک بھی ڈال دیں اور کسی لکڑی سے خوب ہلا جلا دیں کہ کاسٹک سب پانی میں حل ہو جائے تیل خواہ (کوئی سستے سے سستا ہو) چار سیر لے کر کسی برتن میں رکھ لیں۔ اب کاسٹک والا پانی تھوڑا تھوڑا کر کے تیل میں ڈالتے جائیں اور ساتھ ہی لکڑی سے خوب ملاتے جائیں حتیٰ کہ تمام پانی صرف ہو جائے پھر وہ مجموعہ نہایت گاڑھا مثل شہد ہو جائے گا جس برتن میں ڈالیں گے اسی کی شکل اختیار کر لے گا۔ نہایت اعلیٰ صابن بن جائے گا۔ کپڑوں کو خوب صاف کرے گا نہ بجی کے مقطر کرنے کی تکلیف اٹھانی پڑی اور نہ تیل کو جوش دینے کی

یا چربی ملانے کی زحمت گوارا کرنی پڑی۔ آج کل کئی اشخاص دو دو چار چار روپیہ معاوضہ لے کر اس قسم کی ترکیب سکھلاتے ہیں۔

نوٹ: نہایت احتیاط چاہئے کہ کاسٹک والا پانی ہاتھ یا جلد جو ہرگز نہ لگنے پائے کیونکہ اس کی تیزابی تاثیر سے جلد جل جاتی ہے۔

تیل میں کاسٹک والا پانی ملاتے وقت ہلانے کے لئے سلاخ لوہے کی نہ ہو بلکہ لکڑی کا دستہ ہو۔ اس کاسٹک والا پانی تیل میں تھوڑا تھوڑا کر کے ملانا چاہئے نہ کہ یکدم! اگر ناتجربہ کاری سے صابن رقیق رہ جائے تو حسب ضرورت سوڈا یا میدہ گندم ملا کر گاڑھا کر لینا چاہئے۔

پارہ کی گولیاں

پارہ ۲ تولہ کو کھرل میں ڈال کر تین ماشہ کاسٹک انگریزی دوائی کے ہمراہ دو چار قطرے پانی ڈال کر رگڑنے سے فوراً گولی بن جاتی ہے۔

نمبر۲:

پارہ ایک تولہ، ورق چاندی ۶ ماشہ کو آب لیموں کے ہمراہ کھرل میں رگڑتے رہیں گولی بن جائیں۔ گولی کو دودھ میں جوش دے کر نوش کیا کریں مقوی باہ ہے اور یہ گولی اگر دودھ میں ڈال دی جائے تو دودھ پھٹ جائے گا۔

سفری سوڈا واٹر

کاربونیٹ آف سوڈا دس رتی ٹارٹارک ایسڈ دس رتی دونوں کو الگ الگ نصف چھٹانک پانی میں حل کر کے آپس میں ملا دیں اور جوش کی حالت میں پی جائیں۔ ہچکی، قے اور بدہضمی کو مفید ہے۔

روح عقافیرر......ایک اکسیر اعظم نسخہ

ناظرین سے مخفی نہ ہوگا۔ کہ آج کل اشتہاری حکیم یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ ہم نے ایک دوائی ایجاد کی ہے۔ جو جسم انسانی کے کل امراض کا حکمی علاج ہے۔ کوئی ایک سو بیماروں کا فوری علاج بتلاتا ہے کوئی کہتا ہے کہ میں نے ایک سنیاسی سے سو روپیہ نقد دے کر یہ نسخہ سیکھا تھا۔ غرض کہ مختلف ناموں سے یہ دوائی فروخت ہو رہی ہے بعض اشتہاری حکیموں نے اس دوائی کی بدولت ہزاروں روپے کی جائدادیں بنالی ہیں۔ سب کچھ صرف اس لئے کہ دوائی واقعی مفید ہے۔ میرا یہ دعویٰ نہیں کہ تمام امراض بدنی کا علاج ہے۔ میں اس کتاب میں صرف انہی امراض کا ذکر کروں گا جن پر میں نے خود آزمائش کی۔

اب نسخہ ہدیہ ناظرین کرتا ہوں:

کافورا تولہ' ست اجوائن خشک ایک تولہ' ست پودینہ ایک تولہ' کلورل ہائیڈریٹ (ایک انگریزی دوا) ایک تولہ۔ ان چاروں کو ایک شیشی میں ڈال کر شیشی کا منہ کاک سے خوب بند کر دیں چند منٹوں میں ان سب کا خود بخود تیل بن جائے گا پس یہ اکسیر تیار ہوگئی۔

ترکیب استعمال حسب تفصیل ہے:

(۱) دردسر کے لئے یہ اکسیر روئی سے پیشانی اور کنپٹیوں پر مالش کریں فوراً دس منٹ میں تسکین ہو جاتی ہے اگر دو تین تین بوندیں پانی میں ملا کر پلا دی جائیں تو سونے پر سوہاگہ کا کام ہوتا ہے مگر یاد رہے کہ اگر کسی مرض میں مریض کو قبض ہو تو پورا فائدہ حاصل کرنے کے لئے پہلے قبض کو دور کرنا چاہئے تاکہ اس کا اثر مقام مرض پر فوراً جا پہنچے۔

(۲) درد کان' روغن گل یا عرق پیاز دس بوند میں ایک بوند یہ اکسیر ملا کر کان میں ڈالیں درد فوراً موقوف ہوگا۔

(۳) زخم کان' پہلے کان کا ریم پیپ وغیرہ سے بذریعہ پچکاری صاف کریں پھر روغن نیم دس قطرہ میں دو بوند ملا کر کان میں ڈالتے رہیں۔ زخم از سم پھنسی وغیرہ سب

شکایات دور ہو جاتی ہیں۔

(۴) رعاف یعنی نکسیر، شربت صندل ۵ تولہ میں چھ بوند ملا کر پلانا بہت جلد مفید پڑتا ہے۔
گرم اشیاء یہ کھائیں۔

(۵) درد دانت، روئی کا پھویہ اس دوائی میں بھگو کر دانت کے سوراخ میں رکھنے سے چند منٹوں میں آرام ہو جاتا ہے۔
پرہیز: چھاچھ برف سرد پانی اشیاء سرد۔

(۶) خون دانت، ایک ماشہ پھٹکری کوفتہ سوختہ میں چار بوند ملا کر مسوڑھوں پر ملنے سے خون بند ہو جاتا ہے۔ گرم چیزوں سے پرہیز رکھیں۔

(۷) خون آنا، خرفہ وصندل بقدر ۹ ماشہ کھوٹ کر شیرہ نکال کر اس میں تین بوند ملا کر پلائیں۔ ایک دن میں تین دفعہ یا اول دو بوند بار دوم تین بوند تیسری دفعہ چار بوندیں ملا کر پلائیں۔ گرم چیزیں نہ کھائیں غذا دودھ چاول۔ منہ یا پاخانہ وغیرہ کے راستے خون آنا بند ہو جائے گا۔

(۸) خونی قے، آب برگ بانسہ ایک ماشہ میں تین یا چار بوند ملا کر شربت انجبار کے ہمراہ کھلائیں دن میں تین مرتبہ۔ پرہیز گرم اشیاء، غذا زود ہضم دودھ چاول ڈبل روٹی۔

(۹) درد پسلی مقام درد پر اس اکسیر کو مالش کر کے اوپر ہلدی یا سونٹھ دھوڑ کر گرم کپڑے سے باندھیں نصف گھنٹے کے اندر آرام ہو جاتا ہے سرد اشیاء سے پرہیز غذا شور یا مصالحہ دار چاول یا روٹی۔

(۱۰) آدھا سیسی درد نصف سر سورج نکلنے سے ایک گھنٹہ پہلے تین ماشہ اسطوخودوس گھوٹ کر کے پانی میں تین بوند ملا کر پی لیں درد انشاء اللہ نہ ہو گا۔

(۱۱) درد آنکھ کے گرد قدرے یہ دوائی مل دیں آنکھ سے پانی نکال کر آرام ہو گا دن میں چار مرتبہ ایسا کریں۔

(۱۲) درد پیٹ، شیر گرم پانی یا عرق گلاب میں پانچ بوند ملا کر نوش کرائیں جھٹ پٹ چین آ جائے گا۔

(۱۳) بدہضمی، آب انار دانہ میں چار بوند ملا کر نوش کریں۔

(۱۴) ورم و جلن معدہ، عرق نیلوفر و عرق مکو میں چار بوند ملا کر پلائیں۔

(۱۵) ہچکی، تھوڑے عرصہ بعد سکنجبین میں دو دو بوند ملا کر دیں۔

(۱۶) پیچش، چہار عرق و شربت بنفشہ میں چار بوند ملا کر دن میں تین مرتبہ پلائیں لیکن خیال رہے کہ اگر پیچش باعث سدہ کے ہو تو پہلے کسٹر آئل کا جلاب دینا چاہئے ثقیل و بادانگیز اشیاء سے پرہیز کریں۔

(۱۷) سنگرہنی، آملہ کے پانی میں تین بوند ملا کر دن میں چار مرتبہ کھلائیں غذا لطیف زود ہضم۔

(۱۸) بواسیر خونی، قلمی شورہ ۲ ماشہ ایک پاؤ بھر بکری کے تازہ دودھ میں حل کر کے چار بوندیں یہ دوائی ملا کر اعلی الصبح مریض کو پلائیں۔ بواسیر کا خون بند ہو جائے گا۔ غذا ڈبل روٹی دودھ روٹی دال مونگ۔

(۱۹) پت، سرسوں کے تیل تین تولہ میں نو بوند یہ دوائی ملا کر جسم پر مالش کریں اور ایک گھنٹے کے بعد گرم پانی سے غسل کریں۔

(۲۰) تاپ تلی ہر صبح و شام نصف ماشہ نوشادر میں تین بوند یہ اکسیر لا کر مریض کو پلانا تاپ تلی کا عمدہ دافع ہے۔ پرہیز: بینگن چھاچھ گوشت بقر۔ ٹنکچر آیوڈین کا مقام تلی پر لیپ کریں۔

(۲۱) نزلہ و زکام شربت عناب تین تولہ میں تین بوند ملا کر نوش کریں اور کسی قدر پانی میں ایک بوند یہ ملا کر پانی ناک میں کھینچیں۔

(۲۲) خونی دست، طباشیر باریک شدہ تین ماشہ میں چار بوند یہ ملا کر شیرہ خرفہ کے ہمراہ مریض کو دن میں تین مرتبہ پلائیں۔ گرم اشیاء سے پرہیز۔

غذا......ساگودانہ اور آش جو۔

(۲۳) ہیضہ

مصری یا پتاشہ یا سکنجبین کے دو دو بوند تھوڑے تھوڑے وقفہ کے بعد مریض کو ملاتے رہیں۔

(۲۴) خونی پیشاب: روح صندل ایک تولہ میں چھ بوند ملا کر اس کے تین حصے کریں۔ ایک ایک حصہ پر دوسرے گھنٹہ بعد پلائیں۔ پرہیز گرم اشیاء۔

(۲۵) سوزاک

پھٹکری ایک ماشہ کو ایک پاؤ پانی میں حل کریں۔ اس میں چھ بوند یہ دوائی ملا کر دن میں تین مرتبہ پچکاری کریں۔ ست الائچی چار بوند میں دو دو بوند ملا کر دن میں تین مرتبہ پلانا سوزاک کے لئے بہت مفید ہے۔

(۲۶) درد بواسیر

مسکہ ایک تولہ میں دس بوند یہ اکسیر ملا کر مسوں پر ملیں فوراً درد موقوف ہوگا۔

(۲۷) آتشک عرق عشبہ ایک تولہ میں چار بوند یہ دوائی ملا کر سات روز تک مریض کو پلائیں۔ دوران استعمال دوائی نمک کم کھائیں۔

(۲۸) تر کھانسی، شربت خشخاش تین تولہ میں تین بوند ملا پلا دیں۔

(۲۹) کھانسی خشک، لعاب بہیدانہ پانچ تولہ یا ایک تولہ مسکہ میں تین بوند ملا کر کھلائیں ہر قسم کی کھانسی میں ترش اشیاء اور جماع سے پرہیز کریں۔

(۳۰) مرض دمہ، سہانہ بھونا ہونا ہوا نصف، شبہ فلفل دراز کوفتہ چار رتی میں چار بوند ڈال کر شربت زوفا کے ہمراہ کھلانا بہت مفید ہے غذا شوربا کبوتر مرغ، بٹیر وغیرہ ساتھ روٹی گندم اور پرہیز چھاچھ، دہی، ترش اشیاء۔

(۳۱) جل جانا، تیزاب، آگ، گرم گھی، گرم تیل یا گرم پانی وغیرہ سے روغن السی ایک چھٹانک میں بیس بوند میں ملا کر الگ رکھیں۔ پھر رال سفید دو تولہ کو باریک پیس کر

تیل سرسوں سے تر کر کے پانی کے ہمراہ انگلی سے خوب ہلا ہلا کر دھوئیں اسی طرح کم از کم بیس مرتبہ دھوئیں ہر مرتبہ پانی تازہ ڈالا کریں۔

بعد ازاں روغن السی اس میں خوب آمیز کر کے یک ذات کر کے مقام زخم پر لگائیں بہت جلد شفا حاصل ہو جاتی ہے۔

یا روغن دیسی خواہ سرسوں ایک تولہ میں چار بوند اور کھریا مٹی باریک شدہ اس میں اس قدر ملائیں کہ مرہم کی طرح گاڑھا ہو جائے بعد ازاں جلے ہوئے مقام پر انگلی سے لگا دیں درد فوراً موقوف ہوگا۔

(۳۲) چوٹ لگنا اور خون بہنا' تھوڑے سے پانی میں پانچ بوند یہ دوائی ملا کر مالش کریں۔ اگر ضرورت ہو تو کپڑا تر کر کے اوپر باندھیں۔

(۳۳) نیش' بھڑ' بچھو شہد کی مکھی' پسو' مچھر' کھٹمل وغیرہ کے ڈنگ پر صرف اسی روغن کی مالش کریں۔ اگر ممکن ہو تو سوئی یا چاقو کی نوک سے ڈنگ کی جگہ کو ذرا سا چھیل کر دوائی لگا دیں ورم نہ ہوگا' درد فوراً موقوف ہوگا۔

(۳۴) بخار' اگر بخار ہر وقت چڑھا رہتا ہو تو صرف اسی دوائی کی دو بوندیں ہر گھنٹہ کے بعد پانی میں ملا کر صاحب بخار کو پلاتے رہیں۔ بخار کم ہو کر اتر جائے گا اور اگر بخار نوبتی ہو تو جس وقت بخار اترا ہوا ہو کونین دو رتی ایک عدد لیموں کے رس میں ملا کر تین بوندیں یہ اکسیر ملا کر مریض کو پلائیں صرف ایک خوراک سے بخار کی نوبت رک جائے گی بعد میں مریض کو دودھ پلا دیں تا کہ خشکی کا غلبہ نہ ہو۔

(۳۵) دھدر سہاگہ ایک تولہ گندھک ایک تولہ' نوشادر ایک ماشہ کو خوب باریک پیس کر مرغی کے انڈے کی سفیدی ملا کر مرہم بنائیں۔ اس میں ۱۵ بوند یہ دوائی ملا کر دھدر پر لگاتے رہیں۔ چند دنوں میں بالکل آرام ہو جائے گا۔

(۳۶) چنبل کے لئے بھی بطریق بالا مفید ہے۔

(۳۷) پھوڑا' اگر پھوڑا ایک پکا ہوا اور اس سے پیپ بہتی ہو تو روئی کا پھویہ اس دوائی میں تر کر کے پھوڑے پر باندھیں بہت جلد آرام ہوگا اور اگر پھوڑا خام ہوگا تو اس کے

لگاتے رہنے سے دب جائے گا۔

(۳۸) بالوں سے کان کا پکنا' صرف اسی اکسیر کو روئی سے کانوں پر لگائیں۔

(۳۹) پھنسی ہر قسم آملہ کو جلا کر اس کی راکھ تیل سرسوں میں ملا دیں اور اس میں بقدر مناسب یہ دوائی ملا کر پھنسیوں پر ملتے رہیں' بہت جلد آرام ہو گا۔

(۴۰) طاعون کے واسطے دو بوندیں روح کیوڑہ ایک تولہ میں ملا کر دن میں کئی مرتبہ پلائیں۔

جلاب

نمبر ۱:

پارہ ایک تولہ' گندھک آملہ سار ایک تولہ ان دونوں کو اتنا کھرل کریں کہ پارا بالکل بے دانہ بے چمک ہو کر نہایت سیاہ رنگ کا سفوف بن جائے۔ کالی مرچ ایک تولہ' عشق پیچہ ایک تولہ' بد سفید (تروی) ایک تولہ' جمالگوٹہ پتہ نکلا ہوا ایک تولہ۔ سب کو کوٹ کر اس سیاہ سفوف کو ملا کر خوب یک ذات کر کے کالی مرچ کے گولیاں باندھیں۔ جوان آدمی کو دو یا تین اور بوڑھے آدمی کو ایک یا ڈیڑھ گولی صبح کو دودھ یا پانی کے ہمراہ کھلا دیں خوب کھل کھل کر اجابت ہوا کرتی ہے ہر قسم کی خلط خارج ہو کر پیٹ صاف اور بدن کندن ہو جاتا ہے۔

نمبر ۲:

جمالگوٹہ پانچ تولہ کو پانچ سیر دودھ میں جوش دے کر جغرات دہی جمالیں صبح کو مکھن مسکہ نکالیں مکھن کو جوش دے کر گھی بنالیں پتاشہ پر ایک دو بوند ڈال کر کھلا خوب اسہال آئیں گے۔

نمبر ۳:

کوئی چھ ماشہ بھر سنا مکی کے پتوں کو ایک پیالہ پانی میں جوش دے کر کپڑا چھان کر کے چھٹانک میگنیا اشیاء سلفاس انگریزی مشہور دوا حل کر کے پی جائیں پانچ چھ کھل کر آئیں گے۔

Qureshi

تریاق آنکھ

جب آنکھ دکھنے آئے سرخ ہو جائے تو ایک چھٹانک عرق گلاب میں چار رتی بھر رنگ سلفاس حل کر کے آنکھ میں دو دو قطرے دن بھر میں دو تین مرتبہ ڈال دیا کریں یہی رنگ لوشن ہے بہت مفید ہے ایک پیسہ کی لاگت سے سینکڑوں مریضوں کی دل داری اور ثواب عظیم حاصل ہوتا ہے۔

لیپ چشم نمبر ۲

پھٹکوی ۳ ماشہ، قلمی شورہ ایک تولہ، عقرقرحا ۲ ماشہ، انار دانہ ایک تولہ، املی ایک تولہ، رشوت ایک تولہ، پوست خشخاس ۲ عدد، افیون ایک ماشہ، نسپال ۶ ماشہ، سب کو آدھ سیر پانی میں رات کو بھگو دیں صبح کو صاف ہاتھوں سے مل کر کپڑ چھان کر کے لوہے کی کڑاہی میں پکائیں لکڑی سے ہلاتے جائیں جب گاڑھا ہو جائے اتار لیں بوقت ضرورت پانی میں گھول کر آنکھ میں لگائیں بڑا مفید لیپ ہے۔

نمبر ۳ سرمہ دافع دھند و غبار و جالہ چشم:

سرمہ سیاہ ایک تولہ زنک سلفاس ایک ماشہ، پھٹکوی ایک ماشہ، شیشہ نمک ۳ ماشہ نوشادر ایک ماشہ، قلمی شورہ ۱۵ ماشہ، سب کو کھرل میں ڈال کر عرق لیموں کے ہمراہ ایک دن کامل خوب رگڑتے رہیں رات کو سوتے وقت سلائی سے آنکھ میں لگائیں نہایت مفید ہے نظر تیز کرتا ہے۔

نمبر ۴، نسخہ نمبر ۳ یا نوشادر کے جوہر کے استعمال کے دو سال کا پھولا چشم رفتہ رفتہ رفع ہو جاتا ہے۔

تریاق بخار

بخار دور کرنے کے واسطے جلاب نمبر ۳ کا استعمال کریں۔ جب انتیں صاف ہو

جائیں تو اینٹی فیرین پانی نس ٹین چار رتی کے قریب سرد پانی کے ہمراہ کھلا کر چادر اوڑھا لیں۔ اگر پسینہ سے بخار اُتر جائے تو بہتر ورنہ ذیل کے نسخہ جات سے ایک دوا استعمال کرائیں۔

اکسیر بخار نمبر ا:

میگنیشیا سلفاس ۶ ڈرام' کونین اسفاس ۲۰ گرین' اینٹی فیرین ۱۰ گرین' پوٹاسی نائٹراس ایک ڈرام' صاف پانی چھ اونس کے ہمراہ خوب کھرل کریں بعد میں سپرٹ ایمونیا خوشبودار ایک ڈرام ملا کر چار پانچ قطرے تیزاب گندھک ملا دیں۔ کونین وغیرہ اس سے حل ہو کر پانی ہو جائے گی چھ حصے کر کے ہر ایک حصہ ہر تیسرے گھنٹے کے بعد مریض کو پلائیں ہر خوراک کے پندرہ منٹ بعد دودھ نوش کرائیں۔ ایک ہی دن میں بخار اتر جاتا ہے۔ پسینہ بھی کھل کر آ جاتا ہے۔ غذا ملکی دودھ چاول دال مونگ وغیرہ جب ۱۹۰۸ء میں یہاں گھر بہ گھر یہ بخار پھیلا تھا تو لاہور کے ہزارہا مریضوں کو اس نسخہ کی بدولت فوری شفا حاصل ہوئی تھی۔

نمبر ۲: کونین ہیڈ روبر مائڈ ایک گرین صاف پانی ایک چھٹانک ہیڈ رو بہرمک ایسڈ ڈائیلیوٹ دس قطرے حل کر کے دو خوراک کریں بخار چڑھنے سے ایک گھنٹہ پہلے ایک خوراک دیں ایک دو گھنٹہ کے وقفہ پر دوسری خوراک کھلا دیں اور دودھ نوش کرا دیں۔

نمبر ۳: کشتہ ابرق یا ہڑتال ورقیہ ۶ رتی گلو خشک کوفتہ ۶ ماشہ دانہ الائچی خورد ماشہ طباشیر ۳ ماشہ سب کو ملا کر چھ حصے کریں ایک خوراک صبح و ایک شام کو شربت بزوری شربت نیلوفر عرق بید مشک وغیرہ کے ہمراہ کھلاتے رہیں' بخار دور ہو گا۔

نمبر ۴: کشتہ ہڑتال ورقیہ ایک رتی صبح و ایک شام کو شربت ہائے مذکور کے ہمراہ کھلانا مجرب ہے۔

متعلق بخار: ڈاکٹری نسخہ جات مذکور کے بعد شربت صندل عرق گاؤ زبان عرق کاسنی وغیرہ قدرے نوش کرتے رہیں۔ بخار میں گھی نہ کھائیں۔ اگر لرزہ ہو تو لرزہ کے وقت گرم پانی میں تین ماشہ قلمی شو حل کر کے نوش کریں۔ فوراً لرزہ موقوف ہو جائے گا۔ اگر ضرورت ہو

تو گل خیرا، نیلوفر، برگ بیری، گندم کی بھوسی، نمک قدرے لے کر پانی میں جوش دے کر مریض کا پاشویہ کریں اور کسی بوتل میں عرق گلاب ڈال کر گل سرخ صندل دھنیا خشک، سرکہ، کافور ملا کر بخار والے کو بطور نخلخہ سونگھنے کو دیں۔ اگر پیاس بہت لگے تو عرق گاؤزبان یا اس میں اسبغول یا بیدانہ کی پوٹلی ململ کے باریک کپڑے میں باندھ کر لعاب چوستے رہیں۔

اکسیر بخار تیجہ

یہ باری کا بخار ہے ایک روز درمیان میں چھوڑ کر آتا ہے اس کے واسطے مجرب نسخہ یہ ہے رسوت مصفا ۲ تولہ بانجی ۴ تولہ، چاکسو ۴ تولہ ان سب کو آب مولی کے ہمراہ ایک دن تک کھرل کر کے چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔ دو صبح دو شام کو شربت دینار یا بزوری کے ہمراہ کھلا دیں۔ دو تین نوبتوں کے بعد بخار رک جاتا ہے یہ بڑا منحوس بخار ہے۔ کئی کئی نوبتیں دے کر جایا کرتا ہے۔

اکسیر بخار چوتھیہ

یہ بھی نوبتی بخار چوتھے دن آتا ہے۔ قلعی چونہ مسلسل ہڑتال ورقی کوٹا کھار سب کو برابر وزن لے کر کوار گندل کے پانی کے ہمراہ ایک دن کامل تک کھرل کر کے خشک ہونے پر ٹکیہ بنائیں مٹی کی دو پیالیوں میں رکھ کر لب ہر دو کے بند کر کے اور مٹی کا لیپ کریں۔ خشک کر کے ایک من اوپلہ میں پھونک دیں۔ سرد کر کے نکال کر چھان کر کے نصف کے برابر کشتہ ابرق ملا کر پہلے دن ایک رتی دوسرے دو رتی تیسرے دن تین رتی بھر شربت بنفشہ ۲ تولہ کے ہمراہ کھلا دیں مجرب ہے۔

ہیضہ

ہیضہ چار اسباب سے ہوا کرتا ہے:

۱۔ اناج غلہ جات فاسدہ کے باعث

۲۔ گرم آبی کے باعث

۳- گرم لکسی یعنی سبز مکھی موٹے سر والی کا بکثرت پیدا ہونا' ان تین اسباب کا ہیضہ وبائی طور پر نہیں پھیلتا بلکہ محدود رہتا ہے۔ چوتھا سبب گرم ہوائی کا بذریعہ سانس اندر چلا جاتا ہے یہ ہیضہ وبائی ہوتا ہے اور عام پھیل جاتا ہے۔

پارہ ۲ تولہ مصری سفید ۵ تولہ دونوں یہاں تک کھرل کیا جائے کہ پارہ بالکل بے چمک ہو کر سیاہ رنگ کا سفوف بن جائے ہر نصف گھنٹہ کے بعد تین تین ماشہ کھلائیں۔

نمبر ۲: افیون ۶ ماشہ ہینگ چھ ماشہ فلفل سرخ ۶ ماشہ سب کو ملا کر مونگ کے برابر گولیاں بنا کر ایک گولی ہر گھنٹہ کے بعد سکنجبین کے ہمراہ کھلاتے رہیں۔

نمبر ۳: کافور ایک تولہ' افیون ۶ ماشہ' شراب اعلےٰ ۲ تولہ ایک شیشی میں ڈال دو کچھ دیر کے بعد خود بخود تیل بن جائے گا سکنجبین میں دو تین بوند لا کر ہر گھنٹہ کے بعد پلاؤ۔

نمبر ۴: ست لیموں ایک تولہ' فلفل سیاہ ۴ تولہ گندھک آملہ سار ۶ ماشہ' ہڑتال ورقیہ ۳ ماشہ' سب کو کوٹ کر سکنجبین کے ہمراہ دانہ مسور کے برابر گولیاں باندھیں بترکیب بالا کام میں لائیں۔

نمبر ۵: سرخ مرچ کے بیج سالم پانچ عدد لے کر بقدر مناسب موم سفید میں چھپا کر مریض کو نگلوادیں۔ خدا نے چاہے تو دست وقے سب موقوف ہو جائیں گے۔

نمبر ۶: ست لیموں نمک سونچل کالی مرچ ہر ایک ایک تولہ آک کے پھول ۲ تولہ آک کی جڑ ۲ تولہ مثل سرمہ باریک کر کے سکنجبین کے ہمراہ چنے کے برابر گولیاں بنا کر بطریق بالا کام میں لائیں' بہت اکسیر ہے۔

نوٹ: ہیضہ کے دنوں میں کافور یا فینائل کی گولیاں اپنے پاس رکھیں یہ ہوائی کرموں کی قاتل ہیں صبح کو بطور حفظ ماتقدم نمبر ۶ کی ایک گولی یا روح عقاقیر کی ایک بوند کھالیا کریں۔ خدا نے چاہا تو ہیضہ نہ ہوگا۔

طاعون

یہ مرض ہے تو قاتل لیکن جس کو خدا چاہے بچالے چنانچہ ایام طاعون میں جب میں

نے راہ خدا میں بذریعہ اشتہار ہر خاص و عام کو دوائی مفت تقسیم کی تو خدا کے حکم سے ذیل کی ادویات سے بہتوں کو شفا ہو گئی ہلکے جلاب کے بعد مریض کو ہر نصف گھنٹہ کے بعد روح کیوڑہ میں ایک بوند روح عقاقیر ملا کر پلاتے رہیں طاعونی بخار کو از حد مفید ہے نسخہ مذکورہ بالا بخار والا سونگھنے کو دیں مکھن میں کافور رگڑ کر بدن پر نرم نرم مالش کریں صفائی کا خیال کریں دودھ نوش کرنے کو دیں۔ یا زہر مہرہ روح کیوڑہ میں ایک روز کھرل کر کے خشک کر کے بوزن ایک دو رتی حسب طاقت مریض کو بوقفہ گھنٹہ گھنٹہ دودھ یا روح کیوڑہ کے ہمراہ کھانے کو دیں اور گلٹی طاعون پر ذیل کے نسخہ جات سے کوئی استعمال کریں۔

لیپ طاعون نمبر ۱:

شیر آک ۶ ماشہ، ٹنکچر آیوڈین ایک اونس دونوں کو ملا کر روئی سے لیپ کریں۔

نمبر ۲: لہسن ۱ تولہ سنکھیا سفید ایک ماشہ کھرل کر کے گلٹی پر باندھیں پھوٹ کر گلٹی بہہ جائے گی۔

نمبر ۳: زہری کچلہ یا میٹھا تیلیہ پتھر پر گھس کر ورم طاعون پر لیپ کریں۔ نمک کی ٹکور کریں۔ اگر مریض طاقتور ہو تو جونکیں لگوا دیں۔

نمبر ۴: گڑ ۲ تولہ، صابن ۶ ماشہ، مصبر ۳ ماشہ، میدہ گندم ۲ تولہ، ریوند چینی ۳ ماشہ گھی ۲ تولہ کا حلوا بنا کر گلٹی طاعون پر باندھیں۔

بواسیر خونی

نمبر ۱: پوٹاس ٹارٹار ایسڈ صبح کو اور شام کو دس دس رتی سرد پانی میں حل کر کے مریض کو پلائیں تین چار روز تک پلائیں۔ خون بواسیر بند ہو جاتا ہے۔

نمبر ۲: رسوت ۲ تولہ، قلمی شورہ ایک تولہ، مولی کے پانی میں حل کر کے گولیاں بنائیں ایک گولی صبح ایک شام کو سرد پانی کے ہمراہ کھاتے رہیں آزمودہ ہیں۔

نمبر ۳: تخم نیم، تخم بکائن (دھریک) رسوت مساوی لے کر مولی کے پانی میں حل کر کے گولیاں بنا کر بطریق بالا کھاتے رہیں یہ بڑی مفید گولیاں ہیں دودھ گھی مکھن بکثرت

کھائیں۔

جماع سرخ مرچ اور گرم اشیاء سے پرہیز کریں۔ روغن کنجد (میٹھا تیل) ایک پاؤ میں اب دھتورہ ۲/ ا پاؤ لوبان کوڑیہ ایک تولہ کندر ۶ ماشہ، اکلیل الملک ایک ماشہ، موم سفید ا تولہ جلا کر مسوں پر مالش کریں یا بھلاواں ایک عدد ایک چھٹانک روغن میں جلا کر یا کچھور کی ہڈی یا لوٹا سجر کی دھونی لیتے رہیں مسے خشک ہو کر جھڑ جائیں گے۔ اس مرض میں قبض کا بہت خیال رکھیں سرخ مرچ اور گرم اشیاء سے پرہیز کریں۔

کھانسی بلغمی

ملٹھی ایک چھٹانک کاکڑا سنگی ۲ تولہ، پوست خشخاش ایک تولہ عصارہ ریوند ایک تولہ، کالی مرچ ایک تولہ سب کو باریک کر کے کپڑ چھان کر کے شربت بنفشہ کے ہمراہ چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔ ایک گولی صبح دوپہر ایک رات کو شیر گرم پانی کے گھونٹ کے ہمراہ یا شربت خشخاس کے ہمراہ کھالیا کریں یہ اکسیر اعظم گولیاں ہیں۔

پیچش (مروڑ)

پہلے اسبغول کھا کر دیکھیں۔ اگر پاخانہ کے ساتھ اسبغول نہ نکلے تو سدہ کی علامت ہے پہلے جلاب (کسٹرائیل روغن ارنڈ) کریں بعد ڈودرس پوڈر (انگریزی دوا) صبح دوپہر و شام کو تین تین رتی سرد پانی کے ہمراہ کھلائیں۔ بہت مفید ہے یا گیرو ۲/ ا ماشہ میں ایک رتی کشتہ ہڑتال ملا کر شربت بنفشہ کے ہمراہ کھلائیں، آرام ہو جائے گا۔ اگر آؤں بھی آتی ہو تو ۲ رتی گوگل اضافہ کر کے عرق سونف کے ہمراہ کھائیں۔

ضعف جگر (بُھس)

کشتہ فولاد ایک رتی کھا کر اوپر سے چھاچھ (لسی) دہی کی بکثرت پئیں رات کو دودھ نوش کریں یا عرق فولاد ایک تولہ پھر دو وقت نوش کریں چند دنوں میں جگر کا ضعف دور ہو جائے گا عرق فولاد کی ترکیب یہ ہے۔ ہلیلہ بلیلہ آملہ انار دانہ سرکہ ایک ایک پاؤ لے کر کسی

لوہے کی صاف کڑاہی میں ڈال کراوپر سے ۲۰ سیر پانی ڈال کرخوب ہلائیں۔ اس میں لوہے کا برادہ ایک پاؤ ڈال دیں۔ سردیوں میں ایک ہفتہ گرمیوں میں تین دن پڑا رہنے دیں۔ دن میں کئی مرتبہ ہلا دیا کریں۔ فولاد کا بہت سا حصہ پانی بن جائے گا اب کا کسی عطار سے عرق نکلوالیں ٹنکچر فرائی کے چند قطرے خوراک کے بعد پانی کے ایک دو گھونٹ میں ملا کر نوش کرنے سے بھی ضعف جگر دور ہو جاتا ہے۔ دودھ مکھن خوب کھائیں اور ورزش کریں۔

گرم اشیاء نہ کھائیں جماع سے قطعی پرہیز کریں۔

تاپ تلی

اکسیر طحال نمبرا:

تیزاب گندھک ایک چھٹانک میں ۲/ا تولہ نوشادر اور ۲/ا تولہ قلمی شورہ ملا کر ہوادار کھلی جگہ میں ۲۴ گھنٹے رہنے دیں۔

بعدۂ اس میں سے دورتی تک لے کر عرق کاسنی ۱۰ تولہ کے ہمراہ کھانا چند دنوں میں تاپ تلی کو نیست و نابود کر دیتا ہے تلی پر ٹنکچر آیوڈین کا لیپ کریں یا مصبر اور کالی زیری کا لیپ کریں۔ گرم خشک اشیاء لسی تیل، میتھی، مسور، گائے کے گوشت سے قطعی پرہیز کریں۔

نمبر۲: کونین ۲ گرین سلفیٹ آئرن ۲ گرین پانی ۲/ا چھٹانک تیزاب گندھک ۵ قطرے حل کر کے نوش کریں یہ ایک خوراک ہے تلی کی دوا چالیس دن تک متواتر کھاتے رہیں۔

کچھرالی

السی ۲ تولہ نوشادر ۶ ماشہ، سوہاگہ ۶ ماشہ، پھٹکڑی ۳ ماشہ، ہلدی ۳ ماشہ اب کوار گندل بقدر ضرورت روغن سیاہ بقدر حاجت میدہ گندم ۲ تولہ حلوا بنا کر کچھرالی پر باندھیں کچھرالی پھوٹ کر آلائش نکل جائے گی ضرورت آپریشن کی نہ رہے گی۔ بعدۂ مرہم استعمال کریں۔

خارش

گندھک آملہ سار اایک تولہ، جو کھار ا تولہ، سوہاگہ ۶ ماشہ، پارہ ۶ ماشہ، روغن کنجد ۵ تولہ، سوائے پارہ و روغن کے سب کوٹ کر پارہ کے ہمراہ کھرل کر کے روغن میں ملا کر مالش کریں دو گھنٹہ بعد غسل کریں۔ اگر خون خراب ہو گیا ہو تو عشبہ (سارسا پریلا) ایک چمچہ بھر دن میں تین مرتبہ نوش کریں۔ گرم اشیاء سے پرہیز کریں۔

درد مفاصل (جوڑ درد)

ہرمل کوٹ کر چھان کریں ۲ تولہ میں ۶ ماشہ بھر سوڈا سیلی سیلاس ملا کر گوند کے پانی کے ہمراہ چنے کے برابر گولیاں بنائیں ایک گولی صبح و شام شربت بنفشہ کے ہمراہ کھاتے رہیں اور مندرجہ ذیل روغن کی مالش کریں۔

روغن دافع درد مفاصل نمبر ا

روغن کنجد (میٹھا تیل) ایک پاؤ میں دار چینی ہرمل، مصطگی میٹھا تیلیہ کچلہ لہسن، لونگ برگ آک، ہر ایک چھ ماشہ جلا کر مالش کریں یا ٹنکچر آیوڈین کی مالش کریں اور ترشی نہ کھائیں، غسل نہ کریں۔ چھاچھ، دہی، چاول، گوبھی، پالک سے پرہیز کریں۔

نمبر ۲: میٹھا تیل ۱/۲ سیر میں میٹھا تیلیہ ایک تولہ جلا کر صاف کر کے شراب تین چھٹانک مشک کافور ایک تولہ، افیون ۶ ماشہ کھرل کر کے جوڑوں پر مالش کرنا مثل اکسیر ہے۔

نمبر ۲ گولیاں دافع درد مفاصل

نوشادر سوہاگہ، سونٹھ، کالی مرچ، گندھک، آملہ سار، فلفل دراز مساوی الوزن کوٹ کر گولیاں بنا کر بطریق بالا کام میں لائیں بہت مفید ہیں۔

اکسیر درد بادی

بادی کا درد ایک جگہ سے دوسری جگہ حرکت کرتا رہتا ہے۔ بدن میں ہوا پھرتی معلوم ہوتی ہے۔ یہ گولیاں بادی کی ہر ایک مرض کے واسطے تریاق ہیں ہینگ مغز کرنجوہ کونین اجوائن کالی مرچ سونٹھ تخم میتھی گندھک آملہ سار سب مساوی لے کر کوٹ کر اب کنوار گندل یا شہد کے ہمراہ گولیاں بنالیں ایک گولی عرق سونف کے ہمراہ کھائیں۔

ایک اکسیر مرہم

یہ مرہم ہر ایک زخم کے واسطے بڑی مفید ہے پہلے پلٹس کے ذریعہ زخم کو پکا کر چھوڑ دیا جائے جب آلائش نکل جائے تو زخم پر پھویہ لگائیں بہت جلد آرام ہوگا۔ یہ مرہم بنا کر مریضوں کو مفت دیں تو بڑا ثواب ہوگا نسخہ یہ ہے کہ میٹھا تیل ایک پاؤ کو جوش دے کر مردار سنگ باریک کردہ ایک چھٹانک ملا کر دو چار نوش دیں بعدہٗ ایک چھٹانک رال سفید باریک ملا کر دو چھٹانک موسم سفید ملا کر دو منٹ کے بعد نیچے اتار لیں اب آیوڈوفام ملا کر خوب یکذات کریں، سرد کر کے استعمال کریں۔

مفید ہلاس (نسوار)

کنیر سفید کے پتے کوٹ پیس کر ہلاس لیں خوب چھینکیں آتی ہیں پان کی جڑھ یا درخت سرس کے بیج کوٹ کر ذرا سا سونگھیں بے شمار چھینکیں آتی ہیں ناک کے راستہ رطوبات نکل کر دماغ کندن ہو جاتا ہے۔ بلغمی درد سر کو فوراً آرام آ جاتا ہے۔

نمک سلیمانی یا چورن شاہی

غذا کو خوب ہضم کر کے خون پیدا کرتا ہے۔ ضعف باہ کے مریض غذا کے بعد ضرور یہ تناول کر لیا کریں نمک سونچل نمک سانبھر ایک ایک تولہ، کالی مرچ فلفل دراز (مگھ) پودینہ خشک دارچینی سونف اجوائن سونٹھ قلمی شورہ، نوشادر ہر ایک ایک تولہ کوٹ کر کے ٹارٹرک سٹڈ

۶ ماشہ، لیموں ۶ ماشہ میں ملا کر ایک دو رتی کھالیا کریں۔

حصہ ششم...... کشتہ جات

کشتہ سونا کی دو ترکیبیں ہیں۔ نسخہ نمبر ا...... اکسیر نامردی درج ہو چکی ہیں میری رائے یہی ہے کہ سب کشتہ جات چھوڑ نامردی کے واسطے کشتہ سونا استعمال کیا جائے۔

کشتہ چاندی:

ایک تولہ برادہ چاندی کو نیب (نم) کے پانی ایک پاؤ کے ہمراہ خوب کھرل کیا جائے تو دو پیالیوں میں بند کر کے ۲۰ سیر آگ اوپلہ زمین میں گڑھا کھود کر دی جائے ایک ہی آگ سے کشتہ ہو جاتی ہے۔ اگر کچھ کسر رہ جائے تو دوبارہ کر لیں خوراک نصف سے ایک رتی تک جریان سوزاک کو از حد مفید ہے۔ مکھن ۲ تولہ کے ہمراہ (۲) اب انار ترش یا دودھ اک ایک پاؤ کے ہمراہ ایک تولہ چاندی کا برادہ اس ترکیب سے عمدہ کشتہ ہو جاتا ہے۔

کشتہ تانبا:

اس کا ایک تولہ برادہ آب نیم ایک پاؤ میں خوب کھرل کر کے حسب ترکیب کشتہ سونا نمبر ا: ایک من اوپلہ میں گڑھا کھود کر دی جائے خوراک نصف چاول سے ایک چاول تک مکھن وغیرہ میں نامردی کا شرطیہ علاج ہے۔

نمبر ۲: سونا ماکھی دو تولہ کو آک کے دودھ میں حل کر کے ایک پیسہ پر لیپ کریں۔ آک کی جڑ کھود کر وہ پیسہ رکھ کر جڑ کے اوپر چیتھڑے لپیٹ دیں۔ زمین میں گڑھا کھود کر ایک من آگ اوپلہ میں پھونکیں۔ پیسہ برنگ آسمانی پھولا ہوا نکلے گا۔

کشتہ فولاد:

مندرجہ بالا ترکیب سے عمدہ لوہے کا برادہ ۱۰ سیر آگ میں کشتہ ہو جاتا ہے۔

نمبر ا: دو تولہ برادہ فولاد کو کسی چینی کے برتن میں ڈال کر اوپر جامن کا پانی یا سرکہ نصف سیر

ڈال دو کوئی چھ ماشہ بھر نوشادر بھی آمیز کر دو۔ دن میں کئی مرتبہ لکڑی سے ہلا دیا کرو۔ پھر خوب کھرل کر کے خشک کر و ٹکیہ بنا کر دس سیر آگ میں پھونک دو۔ خوراک ایک رتی تک خوب ہاضم ہے۔ خون پیدا کرتا ہے کمزوری دور کرتا ہے اور اگر اس کو اور زیادہ طاقتور کرنا ہو تو اس میں شنگرف رومی نصف تولہ ملا کر کنوار گندل کے گودہ ایک چھٹانک کے ہمراہ کھرل کر کے خشک کر کے چار سیر آگ دی جائے۔ بعض لوگ اسی طرح کئی دفعہ شنگرف ملاتے ہیں، یہ کشتہ فولاد شنگرفی کہلاتا ہے۔

بے حد طاقت دیتا ہے اس کی خوراک ایک چاول سے آدھی رتی تک ہے دودھ اور مکھن گھی خوب کھاؤ۔

کشتہ قلعی

قلعی کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کریں۔ ہلیلہ زرد (ہڑر) کوٹ کر سفوف بنا کر کسی پرانے ٹاٹ پر وہی سفوف ڈال دیں۔ اوپر قلعی کے ٹکڑے پھر سفوف اعلیٰ ہذا اس طرح تہ بہ تہ وہ ٹاٹ لپیٹ کر ۱۰ سیر آگ اوپلہ میں پھونک دیں قلعی شگفتہ مانند پتاشہ ہو گی خوراک ۱/۲ سے ایک رتی تک مکھن ۲ تولہ میں جریان مردانہ و زنانہ کمر درد کو از حد مفید ہے۔

نمبر ۲: نیم کے پتے نصف سیر میں قلعی کے ٹکڑے تہ بہ تہ رکھ کر بہ ترکیب بالا آگ دیں۔

نمبر ۳: ہرمل میں اسی طرح تہ بہ تہ قلعی کے ٹکڑے رکھ کر آگ سیر دے دیں۔

نمبر ۴: قلعی کا ٹکڑہ ایک تولہ بشکل روپیہ لے کر زیرو بالا تولہ کر نجوادے کر پارچات کہنہ لپیٹ کر دس سیر آگ دی جائے۔

کشتہ سیسہ (سکہ)

لوہے کی کڑاہی سکہ کو پگھلا کر بوہڑ کی تازہ موٹی شاخ سے ہلاتے جائیں رفتہ رفتہ سکہ خاکستری رنگ کی خاک ہو جائے گا۔ سوزاک جریان کا ایک رتی تک دو تولہ مکھن میں کھانا تریاق ہے۔

نمبر ۲: ہاون دستہ میں ایک سکہ دو تولہ مصری کے ہمراہ خوب کوٹیں۔ بغیر آگ کشتہ ہو جاتا

ہے یہ کشتہ بہت سرد ہے سوزاک کو ایک رتی دو تولہ مکھن میں کھانا مثل اکسیر ہے۔

نمبر۳: کڑاہی سکہ پگھلا کر ترکیب نمبر ا کے مطابق چھال پیپل دھوڑ دھوڑ کر لوہے کی سلاخ سے ہلاتے جاؤ۔

کشتہ سہ دھاتہ

قلعی سکہ جست مساوی وزن لے کر لوہے کی کڑاہی یا مٹی کے برتن میں پگھلائیں۔ قلمی شورہ کی چٹکی دیتے جائیں اور لوہے کی سلاخ سے ہلاتے جاؤ۔ حتیٰ کہ کشتہ تیار ہو جائے اب اس کو پانی میں حل کرو جب کشتہ تہ نشین ہو جائے تو بلاٹنگ پیپر (سیاہی چوس کاغذ) سے اوپر کا پانی جذب کریں تا کہ شوریت جاتی رہے اور کشتہ سوزاک جریان والے کو ایک رتی از حد مفید ہے۔

کشتہ سنکھیا یا شنگرف یا ہڑتال ورقیہ

واضح ہو کہ سنکھیا شنگرف رومی، پارہ، ہڑتال، ورقیہ یہ سب جوہر ہیں۔ آگ پر سب اُڑ جاتے ہیں۔ نام ونشان باقی نہیں رہتا۔ اس واسطے ان کو کشتہ کر کے قائم النار کر لیتے ہیں۔ جو آگ پر نہ ہو تو دھواں دیتے ہیں اور نہ اڑاتے ہیں۔ اگرچہ وزن ناتجربہ کار سے پورا نہیں نکلتا جو کچھ برآمد ہو وہ سب جوہر ہیں۔ ان کا کشتہ بنانا بڑی عقلمندی کا کام ہے۔ ایک سنکھیا سفید یا شنگرف رومی یا ہڑتال ورقیہ لیں ۲۰ تولہ آک کے دودھ کے ہمراہ خوب کھرل کریں اگر محنت کرو گے تو اجر بھی عمدہ پاؤ گے جب خشک ہو جائے گولی بنا کر خواہ دو مٹی کے پیالیوں میں لب بہ لب بند کر کے یا پرانے چیتھڑے سے لپیٹ کر دو بڑے اوپلوں میں ہوا سے بچا کر آگ لگا دیں سرد کر کے ایک چاول سے دو چاول تک کشتہ سنکھیا یا شنگر ۲ تولہ مکھن مسکہ میں کھانا نامردی کمزوری اعصاب اور بلغمی امراض کے واسطے مثل تریاق ہے۔

کشتہ سنکھیا نمبر ۲

ایک بڑا شلغم لے کر درمیان سے نصف تک کھود کر تین ماشہ کی ڈلی سنکھیا سفید کی رکھ

کراجزائے نسخہ سے بند کر کے پارچات دیسی لپیٹ کر مٹی کا لیپٹ کر کے اور دو بڑی اوپلوں میں ہوا سے بچا کر آگ لگا دو۔ لیکن یاد رہے کہ شیر آک میں بنایا ہوا کشتہ مذکور نہایت ہی اکسیر ہے۔

کشتہ شنگرف نمبر ۳

شنگرف ایک تولہ کو گوار گندل یا تمباکو کے پانی دس تولہ میں کھرل کر کے مطابق ترکیب نمبر ا آگ دی جائے نہایت اعلےٰ کشتہ ہو جاتا ہے۔

کشتہ پارہ نمبر ا

چوب کیلہ آدھ گز لمبی لے کر نصف لمبائی تک کھود کر گل عباسی کے پتے یا پانچ تولہ بچھا کر اوپر ایک تولہ پارہ رکھ کر پھر پانچ تولہ پتے مذکور رکھ کر جو کچھ کھودا تھا بھر دیں زمین میں گڑھا کھود کر مٹی کا ایک پیالہ رکھ کر اوپر چوب کیلہ کو رکھ دیں اور چوب مذکور کی بلندی تک اوپلے رکھ کر آگ لگائیں۔ پیالہ اس واسطے رکھ جاتا ہے کہ بعض دفعہ کشتہ پارہ نیچے گر کر پیالہ میں آجاتا ہے کہ بعض دفعہ کشتہ پارہ نیچے گر کر پیالہ میں آجاتا ہے خوراک ایک چاول سے نصف رتی تک۔

نمبر ۲: ایک ہنڈیا میں پانی بھر کر ایک چھٹانک پھٹکڑی سفید کوٹ کر ملا کر دیگدان (چولہا) پر رکھ دیں۔ بوتل کے اندر بھی پھٹکڑی والا پانی بھر دینا چاہئے۔ جب پانچ سات جوش آجائیں تو ہنڈیا کو نیچے اتار کر بوتل نکال لیں اور سب پانی پھینک دیں اب اس ہنڈیا میں ریت بھر دیں اور اسی بوتل میں ایک تولہ پارہ ڈال کر ۲ تولہ تیزاب کا ہی اور ۴ تولہ بھنگ کا پانی (تھوڑے پانی کے ہمراہ گھوٹ کر بھی اس میں آمیز کر دیں۔ اب بوتل کو ریت میں رکھ کر ہنڈیا کو چولہے پر رکھ کر نیچے آگ جلائیں۔ بوتل کے اندر سے دھواں نکلنا شروع ہو گا جب دھواں موقوف ہو جائے تو بوتل کو اتار کر محفوظ کرو۔ پارہ شگفتہ ہو گا آتشک نامردی کو نصف رتی تک اکسیر ہے۔

کشتہ ہڑتال ورقیہ

کشتہ سنکھیا نمبرا میں آک کے دودھ کے ہمراہ کشتہ بنانے کی ایک ترکیب درج ہو چکی ہے۔اس ترکیب سے زرد دودھ والی دو دھک بوٹی میں اس کا عمدہ کشتہ ہو جاتا ہے خوراک چاول سے ۲/ ارتی جریان بخار کو اکسیر ہے۔

نمبر۲: ایک عدد پیٹھ کو درمیان سے کھود کر ہڑتال ورقیہ ایک رتی کی ڈلی رکھ کر کھودے ہوئے اجزاء سے پیٹھ کو بند کر کے ہوا سے بچا کر ایک کونے میں ۱۰۰۸ سیر آگ اوپلوں کی لگائیں۔

نمبر۳: ایک ہنڈیا میں دو سیر چھال درخت پیپل کی بوٹی ہوئی ایک تولہ ہڑتال ورقیہ کے نیچے اوپر دے کر ہنڈیا کو چولہے پر رکھ کر نیچے چار پہر تک بیر کی لکڑی کی آگ جلائیں۔

کشتہ ابرق

ایک تولہ ابرق سفید لے کر مقرض سے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر کے مولی کے پانی کے ہمراہ یہاں تک گھوٹیں کہ نغدہ بے چمک بن جائے۔دو پیالیوں میں بند کر کے مٹی کا لیپ کر کے خشک کر کے ۲۰ سیر آگ دی جائے جریان بخار کو ایک رتی نہایت مفید ہے۔

نمبر۲: ابرق کو آب کشتہ یا کھٹی بوٹی کے ہمراہ گھوٹ کر ترکیب بالا کے مطابق کشتہ تیار کریں۔

نمبر۳: ابرق کے ٹکڑوں کو قلمی شورہ میں تہ بہ تہ بچھا کر جست ترکیب بالا آگ دو۔

کشتہ ہڑتال سفید (گئودنتی)

ایک تولہ کو آب مولی یا گلو یا انار یا نیم یا کنوار گندل یا گلاب دس تولہ کے ہمراہ کھرل کر کے کسی کوزہ میں بند کر کے دس سیر آگ دو۔جریان بخار خون بواسیر خونی اسہال کو ایک رتی از حد مفید ہے۔

کشتہ عقیق و مرجان

ان میں سے ایک تولہ لے کر آب برگ ریحان و نیاز بو یا آب یا روح کیوڑہ یا

آب کول ڈوڈہ ۱۰ تولہ کے ہمراہ کھرل کر کے کسی کوزہ میں بند اس پر آگ دی جائے کمزوری معدہ کے واسطے ایک رتی عمدہ فائدہ بخش ہے۔ کشتہ مروارید موتی ایک تولہ کو ترکیب بالا کے مطابق کشتہ ضعف باہ کمزوری دل و معدہ کے واسطے ایک رتی عرق بید مشک یا کیوڑہ ۲ تولہ کے ہمراہ نہایت مفید ہے۔

کشتہ سنگ جراح

سنگ جراح ایک تولہ لے کر دس تولہ شیر آک کے ہمراہ کھرل کر کے مٹی کی دو پیالیوں میں بند کر کے دس سیر آگ دیں بے چمک ہو کر کشتہ ہو جائیں گا قوت باہ کے واسطے دو رتی پھر طباشیر دوانہ الائچی خورد ایک ماشہ ملا کر دودھ کے ہمراہ کریں۔

کشتہ سنگ یہود

سنگ یہود قسم اعلیٰ پانچ تولہ لے کر ۱۵ تولہ عرق گاؤزبان کے ہمراہ کھرل کر کے خشک کر لیں دو پیالیوں میں بند کر کے دس سیر آگ دیں خوراک ۲ رتی شربت بزوری کے ہمراہ پتھری کو ازحد مفید ہے۔

کشتہ پوست بیضہ مرغی

انڈوں کے چھلکے پانچ تولہ لے کر دس تولہ سرکہ میں دس تولہ پانی کلا کر چھلکے ڈال دیں ایک دن کے بعد چھلکوں سے اندر کا باریک پردہ اتار کر پھینکیں دیں اور کسی کوزہ میں چھلکوں کو بند کر کے زمین میں گڑھا کر کے ۲۰ سیر اوپلہ کی آگ دیں۔ جب تک چھلکے سفید ہو کر بالائی کی طرح ملائم نہ ہو جائیں آگ دیتے جائیں۔ یہ نہایت قابل قدر کشتہ ہے۔ جریان کو ایک رتی سکہ ۲ تولہ میں ازحد مفید ہے۔

کشتہ صدف (سیپ)

سیپ ۵ تولہ کو ہاون دستہ میں کوٹ کر کسی مٹی کے کوزہ میں بند کر کے دس سیر آگ

دیں پھر نکال کر اتار کے ۲ تولہ پانی کے ہمراہ کھرل کر کے خشک کے اسی قدر آگ دیں پھر نکال کر اتار کے پانی ۲۰ تولہ کے ہمراہ کھرل کر کے خشک کر کے اسی قدر آگ دیں شگفتہ ہوگا سوزاک و جریان کو ۲ رتی مسکہ ۲ تولہ میں بہت مفید ہے اسی ترکیب سے لعاب گھیکوار کوار گندل کے ہمراہ سنکھ یا خرمہرہ بھی کشتہ ہو جاتے جو پتوں کے واسطے مناسب شربتوں کے ہمراہ ایک رتی کی مقدار میں بہت مفید ہیں۔

کشتہ کا دوبارہ زندہ کرنا

کشتہ سونا چاندی اگر بوٹی سے بنایا گیا ہو دو رتی لے کر دو رتی سوہاگہ دو رتی شہد خالص دودھ گھی سب کو ملا کر ایک کٹھالی میں زرگر سے چرخ دلائیں کہ کشتہ زندہ ہو کر اصلی صورت میں آ جائے گا لیکن تیزابی کشتہ جات کبھی دوبارہ زندہ نہیں ہو سکتے ان کی قوت جوہر یہ جل جاتی ہے۔ راز کشتہ قلعی بناتے وقت اس بات کا خیال رہے کہ آگ یکدم تیز نہ کر دی جائے کیونکہ اگر قلعی کے ٹکڑے پگھل جائیں گے تو وہ ڈھیلے بن جائیں گے اور ساری قلعی کشتہ نہ ہوگی اور سنکھیا اور شنگرف کا کشتہ بناتے وقت یہ خیال رہے کہ پیالیوں کے لب خوب بند ہوں کہیں سے بھاپ کو باہر نکلنے کا راستہ نہ ملتا ہو آگ ہوا سے بچا کر دیں یہ کشتے سخت گرم مزاج والوں نہ کھلائیں۔

امتحان کشتہ

دھاتوں (سونا چاندی تانبا فولاد قلعی۔ سکہ کا کشتہ ایسا بے چمک اور ایسی باریک جال ہو جائے کہ پانی کی تیرتا ہے بالائی کی طرح ملائم ہو تو سمجھو کہ کشتہ ٹھیک تیار ہے اگر کچھ خام ہوگا تو پاخانہ کے ہمراہ نکل جائیں گا کچھ فائدہ نہ دے گا۔

The End